★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | بدھ 6 ربیع الاول 1445ھ تا 11 ستمبر 2024ء 27 بھادوں 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 331

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔)

کسان خوشحال پنجاب کسان کارڈ تقسیم اور مریم مایا پلٹ پراجیکٹ شروع
پاکستان خوشحال

کاشتکار کارڈ کے ذریعے 30 ہزار فی ایکڑ سے ڈیڑھ لاکھ تک قرض حاصل کر سکے گا، گرین ٹریکٹر سکیم، ایگریکلچر گریجویٹس انٹرن شپ اور ٹیوب ویل سولرائزیشن کا جلد آغاز ہوگا

ایلیکٹرک اور ڈیزل ٹیوب ویل کی سولرائزیشن پر 50 فیصد ادائیگی حکومت پنجاب کریگی، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت محکمہ زراعت کے سی ایم پیکیجز کے متعلق اجلاس، پیش رفت کا جائزہ

لاہور (خبر نگار کسان خوشحال..... پاکستان خوشحال، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے کاشتکاروں کیلئے بڑے پیکیج کا اعلان کر دیا گیا، کسان کارڈ کی ترسیل اور زرعی مال سکیم، انگریکلچر گریجویٹس انٹرن شپ اور ٹیوب ویل سولرائزیشن کا جلد آغاز کیا جائے گا، صوبہ بھر کے 136 زرعی مراکز میں 40 ہزار کسان کارڈ کی

باقی صفحہ 7 آخیبہ نمبر 1



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ہیکیجز زمحکمہ زراعت کے سی ایم پیکیجز کے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

اختلاف رائے کا سب کو حق حاصل ہے، رانا تنویر حسین

پارلیمنٹ اور آئین کے تقدس کی بات کرنے والوں نے جمہوریت اور ملک کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا، قابل قبول نہیں کہ میں ہوں تو پاکستان ہے، پارلیمنٹ اور آئین کے تقدس کی بات کرنے

باقی صفحہ 7 آخیبہ نمبر 2

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ اختلاف رائے کا سب کو حق حاصل ہے مگر یہ بات

وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور کے خلاف مقدمہ درج

مقدمہ جلسہ ضوابط کی خلاف ورزی اور ریاست مخالف تقاریر پر درج کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کیخلاف مقدمہ درج کرایا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ علی امین گنڈاپور کیخلاف مقدمہ اسلام آباد کے تھانہ سنگجانی میں درج کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مقدمہ جلسہ ضوابط کی خلاف ورزی اور

باقی صفحہ 7 آخیبہ نمبر 3

سپریم کورٹ کا مونال سمیت دیگر ریسٹورنٹس کو ہٹانے کا فیصلہ برقرار، درخواستیں خارج

رضاکارانہ طور پر تین ماہ میں ریسٹورنٹس ختم کرنے کی یقین دہانی کے بعد نظرثانی دائر کرنا توہین آمیز ہے، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے بینظیر پارک ایریا میں قائم مونال ریسٹورنٹ، لاموناٹ، گلوریہ جین سمیت دیگر ریسٹورنٹس کو ہٹانے کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے نظرثانی درخواستیں خارج کر دیں۔ عدالت عظمیٰ نے بینظیر پارک ایریا میں تجارتی سرگرمیوں سے متعلق نظرثانی درخواستوں کا فیصلہ سناتے ہوئے لکھا کہ مونال ریسٹورنٹ، لاموناٹ اور دیگر ریسٹورنٹس نے رضاکارانہ طور پر تین ماہ میں ریسٹورنٹس ختم کرنے کی یقین دہانی کرائی، یہ فیصلہ یقین دہانی کے باوجود نظرثانی دائر کرنا عدالت کے ساتھ مذاق ہے، رضاکارانہ طور پر تین ماہ میں

باقی صفحہ 4 آخیبہ نمبر 4

قومی اسمبلی
پارلیمنٹ لاجز سے گرفتاریاں پارلیمنٹ میں حملہ قرار

سردار ایاز صادق کا آئی جی اسلام آباد کو گرفتار ارکان قومی اسمبلی کو پارلیمنٹ میں پیش کرنے کا حکم

سپیکر ایاز صادق نے گرفتار پی ٹی آئی ارکان کے پروڈکشن آرڈر جاری کر دیے، نہ آپ پارلیمنٹ ہاؤس سے کسی کو گرفتار کر سکتے ہیں، نہ پارلیمنٹ لاجز سے، گرفتار پارلیمنٹیرینز کو فوراً رہا کیا جائے، اسپیکر قومی اسمبلی

پی ٹی آئی رہنماؤں کی گرفتاریاں، جو ہوا، یہ آئین، پارلیمنٹ پر بہت بڑا حملہ ہے، نوید قمر، پارلیمنٹ پر حملہ ہے، اگر آرٹیکل 6 لگانا ہے تو ان پر لگاؤ، ان پر لگنا چاہیے، علی محمد خان کا اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹیرینز کے وفد نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی۔ وفد میں سینیٹر فیصل کریم کنڈی، سینیٹر شبلی فراز، سینیٹر شیخ وقاص اکرم، سینیٹر علی ظفر، سینیٹر عون عباس، سینیٹر شاہ غازی، سینیٹر ہمایوں مہمند، سینیٹر ذیشان خانزادہ، سینیٹر فاروق ایچ نائیک، سینیٹر کامران مرتضیٰ

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

حکومت اساتذہ کے مسائل حل کرنے میں سنجیدہ نہیں

اساتذہ آج 11 ستمبر پریس کلب لاہور کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کریں گے، گریڈ ٹیچرز لائن

(خبر نگار) گریڈ ٹیچرز لائن کے راہنماؤں رانا لیاقت علی، عاشق شہزاد چوہدری و دیگر نے کہا کہ حکومت اساتذہ کے مسائل حل کرنے میں سنجیدہ نظر نہیں آ رہی، تب سے تحریمات کر کے اساتذہ میں بے چینی و اضطراب پیدا کیا جا رہا ہے نے سکول ٹائمنگ وشیڈول اور تعلیمی اداروں کی پرائیویٹ مجسمنٹ کو حوالگی، خالصانہ لیو انگلیشمنٹ نوٹیفکیشن، جبری LPR ،ایس ایس ایز کی ریگولرائزیشن و دیگر مسائل حل نہ ہونے کی وجہ سے اساتذہ عدم تحفظ کا شکار ہو رہے ہیں ارباب اختیار کی مسلسل چشم پوشی کی وجہ سے اساتذہ احتجاج پر مجبور ہو چکے ہیں آج 11 ستمبر کو لاہور پریس کلب سمیت پنجاب بھر کے ضلعی سطح پر پریس کلبوں کے سامنے گریڈ ٹیچرز لائنس پنجاب کے زیر اہتمام پُرامن احتجاجی مظاہرے ہوں گے۔

پارکنگ قوانین کی خلاف ورزی اور غیر قانونی سائن بورڈز کے خلاف آپریشن

ایل ڈی اے ہاؤس پارکنگ زنگ کا جوہر ہاؤس اور محفلوں میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آپریشن، 7 املاک کو سمار کر دیا

لاہور(این این آئی) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے اور ٹیما انفورسمنٹ ونگ کی کارروائیاں جاری ہیں۔ ٹیما انفورسمنٹ ونگ نے گزشتہ روز ایل ڈی ڈی کینال روڈ، شادمان ایل روڈ، جیل خان فردوس جوہر ہاؤس اور پی آئی اے روڈ پر پارکنگ قوانین کی خلاف ورزی اور غیر قانونی سائن بورڈز کے خلاف آپریشن کیا، پارکنگ قوانین کی خلاف ورزی پر ایم آئی انفورسمنٹ ونگ نے 32 زائد املاک کو سیل کر دیا۔ جبکہ آپریشن کے دوران متعدد املاک سے غیر قانونی سائن بورڈز ہٹا دیئے۔ ان املاک میں مصرف سلوٹر، اسٹیٹ آفس بڑیل آفس، کافی شاپ، بک شاپ، کیفے، شوروم، فٹی سکوئر، اکیڈمی، ریستوران، فن بیک، نائل شاپ، بیوٹ سیلون، موٹر شاپس، جم اور دیگر بھی شامل ہیں۔ چیف آفیسر ٹیما فراز حسین کی نگرانی میں آپریشن

ریلوے کالونی اکبر و جمنہ آپریشن سنگل پلاٹ کالونی نے قبضہ مافیا سے 2 کوارٹر خالی کرا لیے

ڈی ایس ریلوے محمد حنیف گل کی ہدایت پر غیر قانونی قابضین کے خلاف آپریشن کیا گیا



لاہور (سٹی رپورٹر) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے محمد حنیف گل کی ہدایت پر غیر قانونی قابضین سے سنگل پلاٹ کالونی میں آپریشن کے دوران 2 کوارٹر خالی کروا لیے گئے۔ خالی کروائے گئے دونوں کوارٹرز کا قبضہ اصل الاٹیز کو موقع پر دے دیا گیا۔ آپریشن کے دوران اینٹی رائٹ ونگ پٹرولنگ ٹیم کو غیر معمولی مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ آپریشن اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر چوہدری تنویر اختر کی موجودگی میں ہوا جبکہ ریلوے اہلکاروں سمیت ریلوے پولیس کی بھاری نفری بھی موقع پر موجود تھی۔ آپریشن کے دوران خواتین نے حملے سے پولیس اور سینئر کولی کرتے ہوئے حملے کے خلاف آواز اٹھائی جس پر پولیس ریلوے پولیس کے ہمراہ حملے کے خلاف احتجاج کرنے والی خواتین کو منتشر کیا گیا۔ آپریشن کے حوالے سے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے محمد حنیف گل کا کہنا تھا کہ ریلوے کی ایک ایک انچ زمین کی حفاظت کریں گے اور کسی کو بھی ریلوے پراپرٹی پر غیر قانونی قبضہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

ڈولفن سکواڈ کا موٹر سائیکل چوروں کیخلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری



لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ کا موٹر سائیکل چوروں کیخلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں ڈولفن ایس ایچ او انسپکٹر ذوالفقار علی نے ڈولفن ٹیم موٹر سائیکل چوری کی اطلاع پر رانا ٹاؤن ہاؤسنگ اتھارٹی فیز 1 میں گشت کے دوران ایک نوجوان کو موٹر سائیکل چوری کرتے ہوئے گرفتار کیا گرفتار ملزم کی نشاندہی پر مختلف علاقوں سے 5 موٹر سائیکلیں برآمد کر لی گئیں ملزم کی شناخت محمد ارسلان ولد محمد یونس کے نام سے ہوئی ملزم کے خلاف تھانہ رانا ٹاؤن میں مقدمہ درج کر لیا گیا ڈولفن سکواڈ شہریوں کے جان و اموال کی حفاظت کو یقینی بنا رہے ہیں۔ ایس پی ڈولفن شاہد عزیز خالد

سموگ مذارک مہم، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کیخلاف وسیع پیمانے پر کریک ڈاؤن کا حکم

ٹی ٹی اوز اور ڈی جی ٹریفک آفیسر کا دورہ، 21 ہزار 115 گاڑیوں کے چالان، 2 کروڑ 41 لاکھ روپے جرمانہ عائد

لاہور (کرائم رپورٹر) ٹریفک آفیسر لاہور عمارہ اطہر نے سموگ مذارک مہم کے سلسلہ میں دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف وسیع پیمانے پر کریک ڈاؤن کا حکم دیا۔ انہوں نے بتایا کہ حاصل آلودہ کرنے والی 20 ہزار سے زائد گاڑیوں کو دو، دو ہزار کے چالان کٹس جاری کے گئے۔ انتہائی خطرناک حد تک دھواں چھوڑنے والی 5941 گاڑیاں مختلف تھانوں میں بند کر دی گئیں، رہٹ مٹی اور دیگر ماحولیاتی آلودگی کا باعث بننے والی 12 ہزار سے زائد گاڑیوں کو چالان کٹس، رات کے وقت آب و ہوا کو گرد آلود کرنے والی 2321 ٹریکٹر ٹرالیوں کو چالان کٹس جاری کیے گئے۔ اس کے ساتھ بغیر کٹس ٹریفکیٹ

لاہور، خاتون کو شادی کا جھانسہ دے کر زیادتی کا نشانہ بنانے والا ملزم گرفتار

ملزم طیب 24 سالہ متاثرہ خاتون کے ساتھ شہر کا دورہ بھی کرتا رہا، شادی کا جھانسہ دے کر متعدد بار زیادتی کا نشانہ بنایا

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور کے علاقہ باغبانپورہ میں خاتون کو شادی کا جھانسہ دے کر زیادتی کا نشانہ بنانے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم طیب 24 سالہ متاثرہ خاتون کے ساتھ شہر کا دورہ بھی کرتا رہا۔ ملزم نے طلاق یافتہ خاتون کو شادی کا جھانسہ دے کر متعدد بار زیادتی کا نشانہ بنایا۔ متاثرہ لڑکی نے تھانہ باغبانپورہ میں زیادتی کا مقدمہ درج کروا دیا تھا۔ ایس ایس پی ڈاکٹر اظفر الحق مسعود چوہدری نے پولیس ٹیم کو ملزم کی فوری گرفتاری کا حکم دیا تھا۔ ملزم کو کاشکو کا ناکہ دیکھا۔ دریں اثنا ایس ایس پی ایڈمن ڈاکٹر اظفر الحق مسعود چوہدری نے کہا کہ ملزم طیب کو پیچن اٹیلی جنس سمیت جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کیا گیا۔ ملزم کی گرفتاری پر ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے پولیس ٹیم میں نقد انعامی رقم تقسیم کیں۔ ڈاکٹر اظفر الحق مسعود چوہدری نے کہا کہ خواتین سے زیادتی کے مرتکب افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں، مضبوط چالان مرتب کر کے ملزم کو سخت سزا دلوائی جائے گی۔

6 برس سے مفرور خطرناک اشتہاری مجرم سعودی عرب سے گرفتار

اشتہاری مجرم کو سعودی پولیس کی مدد سے گرفتار کیا گیا، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس انٹرپول سیل نے 6 برس سے مفرور خطرناک اشتہاری مجرم کو سعودی عرب سے گرفتار کر لیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق اشتہاری نظام جماس 2018ء سے اشتہاری تھا۔ انٹرپول پاکستان کے مطابق پولیس کو خاتون کے اغوا اور اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب تھا۔ انٹرپول اسپیشل سیل انٹرپول ونگ نے ملزم کی گرفتاری کا ریڈ نوٹس جاری کیا تھا۔ ملزم کو سعودی پولیس نے گرفتار کیا۔ ملزم کو جلد پاکستان لایا جائے گا۔

ایس پی سول لائنز کی ہدایت پر پتنگ سازوں کے خلاف کارروائیاں جاری

آن لائن آرڈر پر پتنگیں بیچنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، آصف ادریس



لاہور (خالد صدانی سے) ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عدنان لطیف کی ہدایت پر پتنگ سازوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں لاہور گیریژن یونیورسٹی کے قریب آصف ادریس سب انسپکٹر شہباز بڑی کارروائی، آن لائن آرڈر پر پتنگیں بیچنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا پابندی کے باوجود پتنگیں تیار کرنے کے فروخت کرنے والے ملزم کو خفیہ اطلاع پر گرفتار کر لیا گیا ملزم کے قبضہ سے 300 سے زائد پتنگیں، خام مال اور دو کنی گینگ گرفتار، قبضے سے موٹر سائیکل اور 1 عدد پستول برآمد



لاہور (خالد صدانی سے) تھانہ اراضی روڈ ایس ایچ او فرہاد اشرف اور آے ایس آئی ذوالفقار اور پولیس کی ٹیم نے فیاض

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

نقیب جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد



صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ سے یورپی یونین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ سے یورپی یونین کے وفد کی ملاقات

مذہبی عدم برداشت اور امتیازی سلوک کے عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے یورپی یونین کی کوششوں کو سراہتے ہیں، رمیش سنگھ اروڑہ

ملاقات میں مذہبی آزادی اور عقیدے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال، قیادت مذہبی آزادی اور عقیدے کے لیے یورپی یونین کے خصوصی نمائندے ایمبیسیڈر فریس وان ڈیل کر رہے تھے

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور پنجاب سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے ایمبیسیڈر فریس وان ڈیل سے یورپی یونین کے وفد سے ملاقات کی جس کی قیادت مذہبی آزادی اور عقیدے کے لیے یورپی یونین کے خصوصی نمائندے ایمبیسیڈر فرینس وان ڈیل کر رہے تھے جبکہ اس موقع پر یورپی یونین کی پاکستان میں سفیر ڈاکٹر ریگینا پیٹنگن کونسلر رومے کومبوز بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے یورپی یونین کے وفد کا پرتپاک استقبال کیا اور مذہبی عدم برداشت اور امتیازی سلوک کے عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے یورپی یونین کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب مختلف مذاہب کے ماننے والوں کا گہوارہ ہے اور میں اس بات پر فخر محسوس کرتا ہوں کہ یہاں تمام مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے تمام مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہمارے پاس ایوان اقلیت کا حصہ ہیں اور ہم ایک ایسا معاشرہ تشکیل کرنے کے لیے پرعزم ہیں جہاں تمام مذاہب کے لوگ امن و آشتی سے زندگی بسر کر سکیں۔ انہوں نے صوبائی حکومت کی طرف سے مذہبی حقوق کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اہم اقدامات پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے اقلیتی تحفظ سیل کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جس کا مقصد مذہبی اقلیتوں کے خلاف جرائم اور نفرت انگیز مواد کی نگرانی کرنا اور اس کا سدباب کرنا ہے۔ اقلیتی تحفظ سیل کے قیام کا مقصد مذہبی اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت کرنا اور ان کے خلاف جرائم کے مرتکب افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لانا ہے۔ انہوں نے مذہبی ہم آہنگی اور رواداری کو فروغ دینے اور مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے پنجاب حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی پاکستان میں سفیر ڈاکٹر ریگینا پیٹنگن کونسلر رومے کومبوز اور یورپی یونین کے دیگر نمائندگان کا پنجاب کا دورہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم اپنے تمام مذہبی اقلیتوں کی حفاظت کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم تمام مذہبی اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت کے لیے پرعزم ہیں اور ہم ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینے کی کوشش کر رہے ہیں، امید ہے کہ یورپی یونین کی حمایت ہمارے ان اقدامات کو مزید تقویت دے گی۔ خصوصی نمائندے ایمبیسیڈر فریس وان ڈیل نے اپنی ملاقات کے مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ ہماری ملاقات میں مذہبی ہم آہنگی اور رواداری کو فروغ دینے اور مذہبی آزادی کے تحفظ کے لیے پنجاب حکومت کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم پنجاب حکومت کے اقدامات کو سراہتے ہیں اور ہم مذہبی آزادی کے تحفظ کے لیے پنجاب حکومت کے ساتھ تعاون کو بڑھانے پر تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم مذہبی آزادی کے مسائل پر کھل کر بات کرتے ہیں اور ہم اس ملاقات میں کامیاب ہوئے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ تعلیم اور مکالمے کے ذریعے رواداری کو فروغ دینا ایک جامع اور ہم آہنگ معاشرہ بنانے کے لیے ضروری ہے۔ وفد نے پنجاب حکومت کی جانب سے مذہبی آزادی کے تحفظ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کو سراہا۔ ملاقات کے اختتام پر صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے وفد کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔

دارخہ والا میں امام العصر پیر سید محمد جلال الدین شاہ نقشبندی قادری قدس سرہ العزیز کے سالانہ عرس مقدس کے موقع پر ''حافظ الحدیث کانفرنس'' کا انعقاد

لاہور (سٹاف رپورٹر) تحریک لبیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و تحریک مراط مستقیم کے زیر اہتمام امام العصر پیر سید محمد جلال الدین شاہ نقشبندی قادری قدس سرہ العزیز دارخہ والا میں سالانہ عرس مقدس کے موقع پر ''حافظ الحدیث کانفرنس'' کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس سے تحریک لبیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سربراہ اور تحریک مراط مستقیم کے بانی ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی، حضرت علامہ مفتی افتخار احمد قادری راجا شاکر اور دیگر علماء نے خطاب کرتے ہوئے اپنے مشترکہ بیان میں کہا: حضرت حافظ الحدیث پیر سید محمد جلال الدین شاہ نقشبندی قادری سرہ العزیز قرآن و حدیث کی سلسلوں کی یادگار اور عشق رسول ﷺ کے سفیر تھے۔ آپ رحمہ اللہ تعالیٰ زندگی بھر باعمل سے گذارے اور پرچم حق بلند کرتے رہے۔ عبدالرسول سلطان کے مقابلے میں کلمہ حق کہنا آپ کا امتیازی وصف تھا۔ آپ نے عقائد اسلامی کے تحفظ کے لیے تاریخی کردار ادا کیا۔



جامعہ جلالیہ رضویہ مظہر الاسلام دارخہ والا میں منعقد ہونے والی سالانہ ''حافظ الحدیث قدس سرہ العزیز کانفرنس'' سے سربراہ تحریک لبیک یا رسول اللہ ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی خطاب کر رہے ہیں

کمشنر لاہور نے لاہور، قصور، شیخوپورہ ننکانہ صاحب کی 8 ترقیاتی سکیموں کا جائزہ لیا

کسی بھی ضلع کی سکیم کی اعلیٰ معیار اور ڈیڈ لائن وتائم لائنز کے مطابق تکمیل ناگزیر ہے، زید بن مقصود

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے کہا ہے کہ کسی ترقیاتی سکیم میں پراسس ویزی بلٹی کی مکمل جانچ کی جائے۔ سکیم کی منظوری کے بعد اس کی اعلیٰ معیار اور ڈیڈ لائن وتائم لائنز کے مطابق تکمیل ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار کمشنر لاہور زید بن مقصود نے ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ کمشنر لاہور نے لاہور، قصور، شیخوپورہ ننکانہ صاحب کی 8 ترقیاتی سکیموں کا جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ ترقیاتی سکیموں کی تکمیل میں تاخیر کی وجوہات کا تعین کیا جائے۔ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ لاہور جاوید رشید چوہان۔ ڈی جی نیکا مہ تسلیم رانا وسیم پوری ڈویژن کے ڈویلپمنٹ افسران نے شرکت کی۔



لاہور ٹمبر مارکیٹ کے صدر ایوب اور اُن کی پوری ٹیم عرفان شیخ میاں وقاری کی ٹیم کے ہمراہ گروپ فوٹو

وزیر صحت سلمان رفیق کی زیر صدارت نشتر میڈیکل یونیورسٹی کی 15 واں سینڈیکیٹ اجلاس

ایم بی بی ایس کا سسٹر کیلئے موڈیولر اینٹی گریٹڈ کریکٹر کولا، تمام ایم ڈی ایم ایس پروگرامز کی منظوری

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت نشتر میڈیکل یونیورسٹی پر وفیسر ڈاکٹر شاہد کوثری، رجسٹرار نشتر میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر مہناز خاکوانی، رجسٹرار نشتر میڈیکل یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر ذاہد علی و دیگر محکمہ جات کے افسران نے بطور سینڈیکیٹ ممبران شرکت کی۔ رجسٹرار یونیورسٹی نے سینڈیکیٹ اجلاس کو بریف کیا۔ وڈیو لنک کانفرنس کے ذریعے وائس چانسلر نشتر میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ذاہد علی اجلاس سے خطاب کیا۔ سینڈیکیٹ اجلاس نے ایجنڈا کے مندرجات پیش کئے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس کے دوران نشتر میڈیکل یونیورسٹی کے 14 ویں اجلاس کے فیصلوں کی تحقیق کروی۔ سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران ایم بی بی ایس کا سسٹر کیلئے موڈیولر اینٹی گریٹڈ کریکٹر کولا کی منظوری دی گئی۔

PUNJAB HIGHWAY DEPARTMENT
TENDER NOTICE
سڑکیں بحال، پنجاب خوشحال

The tenders for the following schemes are invited from Engineering firms/contractors on the item rates basis, as per PPRA E-Tendering System, Inline with relevant PPRA Rules (amended updated). According to these Rules all the firms/contractors can participate in tendering process with following terms and conditions:-

1. The Intending Contractors/Firms who have been registered with ***Pakistan Engineering Council*** in the field of **Bridge work having CE02-Bridges Structures Piling Code on PEC Licence for the current financial year).**
2. The Contractors/Firms has to be registered on ***Punjab ppra website (www.punjab.eprocure.gov.pk).*** Any information/ procedure regarding registration can be seen/obtained from website ppra.punjab.gov.pk/e-procurement.
3. All intending contractor / firms have to attach the earnest money in the form of CDR in favour of Executive Engineer Road Construction Division Lahore @2% of the estimated/bid cost and fill the rates against items of work on the same website upto half hour before the opening date and time of opening of tender. However, original CDR has to be submitted to the tender opening committee,on the same day, half hour before the opening of bids otherwise, the firm/contractor will be disqualified in presence of tender opening committee.
4. After filling the bids on website, contractors may attend the office of Commissioner Lahore Division Lahore on **27/09/2024 at 02:30 P.M.** where all bids will be retrieved and quoted rates/successful bidder will be announced in the presence of Tender Opening Committee.
5. In case of submission of any fake information/document such as CDR/receipt, the Contractor/Firm will be disqualified from the current tendering procedure and will be black listed to participate in any tendering process of C&W Department. Further recommendation to PPRA and PEC will also be made against such firm/contractor for appropriate action/ black listing.
6. The procuring agency may reject all bids or proposal at any time prior to acceptance of a Bid or proposals under PPRA Rule-35 (Rejection of Bids).
7. Rigid Pavement shall be laid by using concrete batching plant and concrete paving machine.
8. TST/DST/Surfacing shall be executed preferably by mechanized system.
9. Recovery against credit of old material will be adjusted manually and accordingly bids will be evaluated.

Sr:#	Name of Work	T.S No. & Date	Completion Period	Estimated Cost /Earnest Money	Opening Date & Time
1.	Rehabilitaiton of Barki Road from B.R.B. Canal to Hudiara Drain i/c Bridge in District Lahore.	CE (Central) Pb Hyway Deptt. Lhr No.HD/R.C./LHR /2021/859/Pfg dt: 27.08.2024	06-Months	135.219(M) Rs.2704380/-	27.09.2024 02.30 P.M.

Executive Engineer
Road Construction Division
Lahore.

IPL 8634

Superintending Engineer
Highway Circle Lahore.

مریم کی دستک پروگرام کا دائرہ کار 11 اضلاع تک وسیع، سروسز کی تعداد بھی بڑھ گئی

اب شہری 60 سے زائد مختلف سرکاری خدمات دستک ایپ کے ذریعے گھر بیٹھے حاصل کر سکتے ہیں، چیئرمین پی آئی ٹی بی فیصل یوسف

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبے میں پہلی سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانے کیلئے مریم کی دستک پروگرام کا دائرہ کار لاہور سے بڑھا کر راولپنڈی، فیصل آباد، گوجرانوالہ، ملتان، بہاولپور، ڈیرہ غازی خان، سرگودھا، ساہیوال، ڈی جی خان، سرگودھا اور پاک پتن تک وسیع کر دیا گیا ہے۔ اب پنجاب کے 11 اضلاع میں شہری دستک موبائل ایپ کے ذریعے 60 سے زائد سروسز کی تعداد بھی بڑھ گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین پی آئی ٹی بی فیصل یوسف کا کہنا تھا کہ اس پروگرام کے ذریعے نہ صرف خواتین معذور افراد کو گھر کی دہلیز پر سہولت کے دروازے کھٹکھٹانے پڑتے ہیں بلکہ جدت پر مبنی سروس ڈیلیوری نے ملک بھی فخر محسوس کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہری دستک موبائل ایپ کے علاوہ 1202 ہیلپ لائن کے ذریعے بھی گھر بیٹھے تمام سرکاری خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس حوالے سے پی آئی ٹی بی چیئرمین

شیخ معزالدین فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام سالانہ سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد

آقا دو جہاں احمد مجتبیٰ جناب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت پاک کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) شیخ معزالدین فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام سالانہ سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد جامع مسجد انوار طالب (رحمہ اللہ علیہ) محصل دارالعلیہ تشفیہ یہ جامعۃ نور خیر شاہ کالج عقب لاہور میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے باہر ہوا۔ شیخ معزالدین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت پاک کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی۔ کانفرنس کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے قاری غلام مرتضیٰ فریدی صاحب نے کیا۔ جس کے بعد بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں نذرانہ عقیدت پیش کرنے کی سعادت جناب حافظ محمد بلال، ملک محمد عامر محترم قمر السلام اور جناب شفاقت علی تشفیدی نے حاصل کی۔ کانفرنس میں خصوصی خطاب جناب حضرت علامہ مولانا حماد احمد پروفیسر ڈاکٹر محمد علی کریمی صاحب کا تھا۔ آپ نے آقا دو جہاں رحمت اللعالمین جناب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت مبارک زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی خصوصاً آپ کی حیات طیبہ میں ان کے لیے اصل رہنمائی موجود ہے۔ اور وہی عزیز کو ان تمام مسائل کا واحد راستہ بھی ہے کہ ہمارے حکمران اور عوام مل کر آپ ﷺ کی تعلیمات کو عام کریں اور ان پر مکمل عمل درآمد کریں تاہم مسائل سے نکلیں۔ انہوں نے کہا ہمیں طرح طرح کے ایکریمز سے امت کو تحقیق معنوں میں عشق مصطفیٰ ﷺ سمجھانے کے لیے اپنی زندگیاں صرف کیں آج وقت کی ضرورت ہے کہ علماء کرام اس حوالے سے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ شیخ معزالدین فاؤنڈیشن کی طرف سے ہونے والی سیرت النبی ﷺ کانفرنس میں علماء کرام، زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد سمیت دو جوانوں اور اہل علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر شیخ معزالدین فاؤنڈیشن کی جانب سے صاحبزادہ پروفیسر ڈاکٹر محمد علی کریمی کو پھولوں کے گلدستہ اور خراج تحسین پیش کیے گئے۔



شیخ معزالدین فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام سیرت النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کانفرنس میں مشائخ اور علماء کرام شیخ پر تشریف فرما ہیں

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور(3)11 ستمبر 2024ء

شیخوپورہ: سوشل و ویلفیئر میں معزوروں کیلئے روڈ سیفٹی آگاہی واک

کمانڈنٹ ڈی آئی جی سید فرید علی نے شرکاء کو روڈ سیفٹی کے حوالے سے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ روڈ یوزرز کو بھی موٹروے پولیس کے شانہ بشانہ روڈ سیفٹی شعور کو اجاگر کرنے میں نمایاں کردار ادا کرنا ہوگا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) آئی جی موٹروے پولیس سلمان چوہدری کی خصوصی ہدایات پر کمانڈنٹ پولیس ٹریننگ کالج شیخوپورہ ڈی آئی جی سید فرید علی کی قیادت میں نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس کی جانب سے نیشنل سوشل ویلفیئر کمپلیکس میں معزور افراد کی روڈ سیفٹی آگاہی کیلئے خصوصی روڈ سیفٹی ورکشاپ اور واک کا اہتمام کیا گیا جس میں کمانڈنٹ ڈی آئی جی سید فرید علی نے شرکاء کو روڈ سیفٹی کے حوالے سے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ روڈ یوزرز کو بھی موٹروے پولیس کے شانہ بشانہ روڈ سیفٹی شعور کو اجاگر کرنے میں نمایاں کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ حادثات میں نمایاں کمی لائی جا کر انسانی زندگی بالخصوص معذور افراد کا تحفظ ممکن ہوسکے، انہوں نے کہا کہ موٹروے پولیس روڈ سیفٹی ورکشاپ کا انعقاد کرتی رہے گی تاکہ روڈ یوزرز کے تحفظ جان و مال کو یقینی بنایا جاسکے،

حضور اکرم ﷺ کا ذکر مبارک ایک اعلیٰ ترین عبادت ہے، بلال ربانی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی ترجمان مسلم سٹوڈنٹس آرگنائزیشن پاکستان بلال ربانی نے کہا ہے کہ ماہ ربیع الاول کی فضیلت عظمت اسی بات سے عیاں ہے کہ اللہ نے سید الکونین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہور اسی میں فرمایا حضور اکرم ﷺ کا ذکر مبارک ایک اعلیٰ ترین عبادت ہے بلکہ روح ایمان ہے، آپ ﷺ کی ذات مبارکہ ہمارے لئے رحمت نہیں بلکہ رحمت اللعالمین ہے، ایم ایس او پاکستان ماہ ربیع الاول کو شعور ختم نبوت ﷺ کے عنوان سے منائے گی، اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے مزید کہا کہ نسل نو میں سیرت طیبہ کو اجاگر کرنے کیلئے مسلم سٹوڈنٹس آرگنائزیشن پاکستان اپنا کردار ادا کریگی

جھنگ: آج بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 8.30 بجے سے دن 12.30 بجے تک 11 ستمبر کو بھون شوگر ملز فیڈر میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

ایڈیشنل ائی جی ٹریفک پنجاب لاہور کی جانب سے عوام کیلئے احسان اقدامات جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ائی جی ٹریفک پنجاب لاہور مرزا فرحان بیگ کی طرف سے عوام کی سہولت کے لیے اٹھائے جانے والے احسن اقدامات کا سلسلہ جاری ہے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بلال افتخار کیانی اور ڈسٹرکٹ ٹریفک افیسر محمود الحسن کی زیر نگرانی ضلع جھنگ کے تمام ٹریفک سنٹر پر صبح آٹھ بجے سے لے کر رات 12 بجے تک عوام کے لیے 42 دن کا انتظار ختم کر کے ایک ہی دن میں موٹر سائیکل ڈرائیونگ لائسنس کا اجرا کر دیا گیا ہے تمام کاؤنٹرز پر متعدد عملہ عوام کی سہولت کے لیے اپنے کام میں مصروف عمل ہے

مصطفیٰ آباد: پی ایچ اے کے سپروائزر محمد اقبال کی والدہ وفات پاگئی

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) پی ایچ اے کے سپروائزر محمد اقبال کی والدہ کی وفات پاگئی، گرین اینڈ گلین کے عہدیداران کے وفد کا اظہار افسوس و دعائے مغفرت، نماز جنازہ میں سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں و دیگر کی شرکت، تفصیلات کے مطابق پی ایچ او کے سپروائزر و ممبر گرین اینڈ گلین مصطفیٰ آباد محمد اقبال کی والدہ کی وفات پاگئی، نماز جنازہ میں سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں، صحافیوں، تاجروں، پی ایچ اے ملازمین و افسران سمیت اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی، امریک سنگ والا میں سپرد خاک، گرین اینڈ گلین کے عہدیداران محمد ادریس نمبر دار، مہر محمد سرور، رانا طارق پرویز، واہ کینٹ سے محمد جمیل، حاجی نیک عالم، ماسٹر عبدالقیوم ناصر، ماسٹر محمد یعقوب، گڈو بٹ پر مشتمل وفد نے اظہار افسوس و دعائے مغفرت کی۔

ڈاکٹر فواد مجید چوہدری کے والد معروف قانون دان چوہدری عبدالمجید کی اجتماعی دعا رسم قل

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے چیف کنسلٹنٹ میڈیکل سپشلسٹ ڈاکٹر فواد مجید چوہدری کے والد معروف قانون دان چوہدری عبدالمجید کی اجتماعی دعا رسم قل آج ان کی آبائی رہائش گاہ نیا محلہ میں ادا کی جائے گی، تفصیلات کے مطابق جہلم ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے چیف کنسلٹنٹ میڈیکل سپشلسٹ ڈاکٹر فواد مجید چوہدری کے والد معروف قانون دان چوہدری عبدالمجید (مرحوم) کی اجتماعی دعا رسم قل آج مورخہ 11 ستمبر بروز بدھ دن گیارہ بجے ان کی آبائی رہائش گاہ نیا محلہ میں ادا کی جائے گی۔

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ کی جانب سے مذمتی نوٹس جاری کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اوکاڑہ کی جانب سے مذمتی نوٹس جاری کیا گیا ہے جس میں سابق سینئر نائب صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن مس صائمہ رشید ایڈووکیٹ کے ساتھ ڈی سی آفس کے ایس این اے افضال حسین کے ہتک آمیز رویہ اور تلخ کلامی کی پرزور مذمت کی گئی ہے۔ خواتین وکلا کی جانب سے مذمتی اجلاس اور بھرپور احتجاج کیا گیا، جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چودھری بدر ذوالقرنین ایڈووکیٹ، سینئر ایڈووکیٹ چودھری کاشف شکور سلیمی، سابق جنرل سیکرٹری راؤ عابد مشتاق ایڈووکیٹ، سابق جنرل سیکرٹری جنید اقبال لگھی، سابق جنرل سیکرٹری نعیم اللہ چودھری ایڈووکیٹ، رب نواز کھرل ایڈووکیٹ، میاں نعمان انور ایڈووکیٹ، چودھری آصف رحمان ایڈووکیٹ، ایوب غاور ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ سابق سینئر نائب صدر مس صائمہ رشید ایڈووکیٹ بار کی معزز ممبر ہیں، سرکاری ادارے کے اہلکار کا خاتون وکیل کے ساتھ ہتک آمیز رویہ ناقابل برداشت ہے۔ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ سرکاری اہلکار کے رویہ کا فوری نوٹس لیں اگر ایس این اے افضال حسین کے خلاف کارروائی عمل میں نا لائی گئی تو ڈسٹرکٹ بار اپنا اگلا لائحہ عمل ترتیب دے گی۔

روٹی کمانے والوں پر پابندی کا دائرہ تنگ، دادرسی کی جائے، مطالبہ

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) روٹی کمانے والوں پر پابندی کا دائرہ تنگ۔ تفصیل کے مطابق: گوجرانوالہ شہر کے اس دور میں بجلی اور کرائے کے مکان پورے کرنا مشکلات سے کم نہیں مظلوم عوام کی آواز کو دبایا نہیں جا سکتا ایسے ہی دو واقعہ پیش آئے جس میں شہری نے موقف دیا میں ایک کرایہ دار ہوں اور میں پاکستانی شہری کی بھی حیثیت رکھتا ہوں اور دال چاول کی ریڑی لگاتا ہوں ایک ندیم نام کا انسپکٹر ٹریفک وارڈن میرے پاس آیا اور مجھے زبردستی گاڑی میں بیٹھا کر آپنے سیکٹر جناح سٹیڈیم ڈی ایس پی بھنڈر صاحب کے پاس لے گ※ جب مجھے اور میرے استاد کو سامنے پیش کیا اور کہا جناب یہ غیر قانونی طریقے سے ریڑی لگائی ہے ڈی ایس پی بھنڈر نے آپنی جیب سے ڈھیلا چرس نکالی اور کہا ان کے اوپر چرس کا استغاثہ علیحدہ لکھا اور ہمیں گالی گلوچ اور گاڑی کو پتھراؤ اور نواز شریف مریم نواز کے خلاف نعرے بازی کر رہے تھے یہ پی ٹی آئی کے آدمی ہیں اور ہاتھ منہ پر پھیر کر کہا ان کی چھ ماہ تک ضمانت نہیں ہونی چاہیے۔

پی ٹی آئی قیادت کی گرفتاری قابل مذمت ہے، عامر فاروق باجوہ

پاکستان کا حال بنگلہ دیش جیسا دیکھنے والوں کا خواب کبھی پورا نہیں ہوسکتا



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پی ٹی آئی قیادت کی گرفتاری قابل مذمت ہے ادارے اپنی حد میں رہیں تو بہتر ہے غیر قانونی اور غیر آئینی طور پر پاکستان تحریک انصاف پر زمین تنگ کی جارہی ہے حکومت غنڈہ گردی بند کرے پاکستان کا حال بنگلہ دیش جیسا دیکھنے والوں کا خواب بھی پورا نہیں ہوسکتا ہم اداروں کا احترام کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری عامر فاروق باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ من پسند فیصلے کروانے والوں کو ماضی سے سبق سیکھنا چاہیے ملک میں غلط روایات کو فروغ دیا جارہا ہے عوام کو بغاوت کیلئے اکسایا جارہا ہے اگر ایسا ہوا تو کچھنی سمیت کوئی نہیں بچے گا کسی کے ہاتھ کچھ نہیں آئے گا۔

صدر عبدالغفور ملک کی دعوت پر کسٹم کلیکٹر کی سیالکوٹ چیمبر آمد

سیالکوٹ چیمبر و کسٹم حکام کے مابین تعاون کے فروغ کا عندیہ دیا



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) کسٹم کلیکٹر سیالکوٹ مسز سائرہ آغا اور ان کی ٹیم کا ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ آمد کے موقع پر صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس عبدالغفور ملک نے سفیر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر وہب جہانگیر، نائب صدر و سابق صدور سیالکوٹ چیمبر خاور انور خواجہ اور سابق صدر سیالکوٹ چیمبر خواجہ مسعود اختر ستارہ امتیاز پاکستان کے ہمراہ پرتپاک استقبال کیا۔ شفیع میموریل ہال میں صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اس موقع پر سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کے کسٹمز کلیئرنس آپریشنز کسٹمز ایشوز زیر غور آئے۔ کسٹم کلیکٹر نے صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری و عہدیداران کیجانب سے استقبال پر اظہار تشکر کیا انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اپنے میگا پراجیکٹس و ملکی برآمدات کے حوالے سے دنیا بھائے میں ممتاز پہچان رکھتا ہے۔ انہوں نے بزنس کمیونٹی کو کسٹم اتھارٹیز کیجانب سے درپیش ایشوز کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا عندیہ دیا اور سیالکوٹ چیمبر اور کسٹمز کے مابین تعاون کے فروغ کیلئے عملی اقدامات کرتے ہوئے بنجیدہ کوششیں کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

چنیوٹ: خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات جاری

خواتین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے، لاریب شاہد



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل میں خواتین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے۔ ماہ اگست میں اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل کو مختلف 50 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔ گزشتہ ماہ کے دوران گھریلو تشدد※ لڑائی جھگڑے کی 18 درخواستیں موصول ہوئیں۔ ایک ماہ میں ہراسمنٹ 10، لین دین و دیگر معاملات کی 25 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔ تمام درخواستوں پر خواتین کے مسائل کو حسب ضابطہ کاروائی کرتے ہوئے حل کیا گیا۔ اس حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سب انسپکٹر لاریب شاہد کا کہنا تھا کہ اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل میں آگاہی مہم کے ساتھ خواتین کے تحفظ کو یقینی بنایا جارہا ہے۔

مصطفیٰ آباد: رہنما مسلم لیگ ن سعید احمد بھٹی کی حمزہ شہباز شریف سے ملاقات

ملاقات میں، حمزہ شہباز شریف کو سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا



مصطفیٰ آباد: رہنما مسلم لیگ ن سعید احمد بھٹی سابقہ وزیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز سے ملاقات کے موقع پر ساتھیوں کے ہمراہ پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) رہنما مسلم لیگ ن سعید احمد بھٹی کی حمزہ شہباز شریف سے ملاقات، مسلم لیگ ن کے کارکنان کے ہمراہ پھولوں کا گلدستہ پیش کرتے ہوئے سالگرہ پر مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، تفصیلات کے مطابق رہنما مسلم لیگ ن سعید احمد بھٹی کی ساتھیوں کے ہمراہ سابقہ وزیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز شریف سے ملاقات، حمزہ شہباز شریف کو سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، رہنما مسلم لیگ ن سعید احمد بھٹی نے کہا کہ عمران خان جلسوں سے نہیں بلکہ اپنے اعمال کا حساب دے کر ہی جیل سے باہر آسکتے ہیں، بانی پی ٹی آئی کو این آر او نہیں ملے گا، پی ٹی آئی کے جلاؤ گھیراؤ کرنے پر کل بھی اعتراض تھا آج بھی ہے، بانی پی ٹی آئی نے جلسے جلوس سے نہیں عدالتی فیصلوں سے باہر آنا ہے، پی ٹی آئی کی جلسی 9 مئی اور ریاست کے خلاف منصوبہ سازی کے جرم سے بچنے کے لئے این آر او کی بھیک ہے، کسی کو بھی فتنہ، فساد اور انتشار کی اجازت نہیں دی جاسکتی، سوال یہ ہے کہ گھڑی اور توشہ خانہ کا چور، 190 ملین پاؤنڈ کا مجرم دوسروں پر کیچڑ اچھالنے کی آڑ میں خود این آر او لے کر بھاگنا چاہتا ہے۔

کینال روڈ فیصل آباد پر 4 چک پل و مانانوالہ کے قریب 609 مرلہ کارنر جگہ کے تنازعے نے سنگین صورتحال اختیار کرلی



فیصل آباد۔ تاجر شیخ ریاض و دیگر شیخ نعیم مختار۔ چیئرمین الائیڈ بنک کے بنجیوں اے اے سپینگ کے مالکان کے خلاف سوتر منڈی میں احتجاج کر رہے ہیں

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) سوتر منڈی میں تاجر شیخ ریاض اور ان کے ساتھیوں نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ کینال روڈ فیصل آباد پر 4 چک پل و مانانوالہ کے قریب 609 مرلہ کارنر جگہ کے تنازعے نے سنگین صورتحال اختیار کرلی ہے۔ اس جگہ کے تین مالکان میں سے 25 فیصد حصہ شیخ ریاض، 25 فیصد معظم علی جبکہ 50 فیصد شیخ عاصم یاسین اور عاطف یاسین (سپنگ ملز) کے پاس ہے۔ رجسٹری اے اے کے نام پر کرائی گئی تھی، جبکہ شیخ ریاض کی جانب سے خریداری کی رقم ابراہیم گروپ کے آفس میں جمع کروائی گئی۔ شیخ ریاض نے بتایا کہ 17 سال گزرنے کے باوجود سپنگ ملز کے مالکان ان کا حصہ ماننے کے باوجود منتقل کرنے سے گریزاں ہیں۔ پچھلے تین سال سے ٹال مٹول جاری ہے، نہ رابطہ کرتے ہیں اور نہ ہی ملتے ہیں۔ شیخ مختار چیئرمین ابراہیم فائبر اور شیخ نعیم چیئرمین الائیڈ بنک کا کہنا ہے کہ ذمہ داری ان کے پوتوں اور بھتیجوں پر ہے۔

ظلم کی انتہا 2 نوجوان لڑکیاں اسلحہ کے زور پر اغوا ملزمان نے فائر مار کر والدہ کی ٹانگ کاٹ دی

دیپالپور (زاہد عمران/جنجوعہ/قوت) اوکاڑہ جویلی لکھا میں ظلم کی انتہا 2 نوجوان لڑکیاں اسلحہ کے زور پر اغوا ملزمان نے فائر مار کر والدہ کی ٹانگ کاٹ دی آتشیں اسلحہ سے فائرنگ کر کے خوف و ہراس پھیلا دیا فائر لگنے والی بوڑھی خاتون کی ٹانگ کاٹ دی گئی متاثرہ خاندان کی ائی جی پنجاب سمیت ڈی پی او اوکاڑہ اور وزیر اعلی پنجاب سے انصاف کی اپیل کی ہے مقدمہ درج کر لیا ہے جلد ملزمان کو گرفتار کریں گے اور لڑکیوں کو بازیاب کرائیں گے ایس ایچ او بی بی اور صفیہ بی بی کوگن پوائنٹ پر اغوا کر لیا اور اغوا شدہ خواتین کی بوڑھی ماں کو فائر مارے گئے متعدد افراد پر تشدد کیا گیا خود کار اسلحہ سے فائرنگ کر کے خوف و حراس پھیلا دیا فائر لگنے والی بوڑھی خاتون کی ٹانگ کاٹ دی گئی متاثرہ خاندان کی ائی جی پنجاب سمیت ڈی پی او اوکاڑہ و دیگر عناصر افراد نے گزشتہ رات محنت کش مرسلین وغیرہ کے گھر داخل ہو کر چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے دو سگی جوان بہنوں سکینہ

دوست پائلیسیوں سے زمیندار خوشحال ہوگا سائرہ افضل تارڑ

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے صوبہ بھر کے پانچ لاکھ کاشتکاروں اور زمینداروں کو کسان کارڈ کے ذریعے 75 ارب روپے کے بلاسود قرضہ جات ایک بہت بڑی سہولت ہے



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے صوبہ بھر کے پانچ لاکھ کاشتکاروں اور زمینداروں کو کسان کارڈ کے ذریعے 75 ارب روپے کے بلاسود قرضہ جات ایک بہت بڑی سہولت ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی کسان کارڈ دوست پالیسیوں کے تحت زمیندار، کاشتکار خوشحال ہونگے اور ملک میں ایک نیا زرعی انقلاب شروع ہو گا جس سے شعبہ زراعت بھی ترقی کریگا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ اپنی نوعیت کا ایک مثالی پروگرام ہے جس سے کاشتکار و زمیندار ڈیڑھ لاکھ روپے تک کے بلاسود قرضہ جات کے ذریعے کھاد، بیج، ادویات اور دیگر زرعی سہولیات حاصل کر سکے گا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار حافظ آباد میں ایک تقریب کے دوران کاشتکاروں اور زمینداروں میں کسان کارڈ تقسیم کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر میاں حیدر عباس بھٹی، تہور حسین تارڑ، رائے جہانگیر علی کھرل و دیگر بھی انکے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت محمد یوسف او رینئر زراعت آفیسر فراز حسین نے سابق وفاقی وزیر کو کسان کارڈ کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنے دور حکومت میں بہت سے عوامی، فلاحی پروگرام شروع کیے ہیں جن میں کسان کارڈ بھی شامل ہے۔ اس پروگرام سے کسانوں، زمینداروں کو بلاسود قرضہ جات دیے جائینگے، یہ پروگرام کسانوں، زمینداروں کی خوشحالی اور شعبہ زراعت کی ترقی کا ضامن ثابت ہوگا۔

ایکسیئن سٹی 3 اظہر اقبال گھمن کی قیادت میں ٹاسک مکمل کر رہے ہیں۔ غلام باری

ایس۔ڈی۔او ڈیفنس روڈ حافظ زبیح اللہ محنتی آفیسر ہیں۔ عاصم سہیل



سپرنٹنڈنٹ انجینئر کیپکو سیالکوٹ سردار جمشید کی قیادت میں پاور ڈویژن کیجانب سے دیئے گئے اہداف کامیابی کیساتھ حاصل کئے جارہے ہیں۔ بجلی چوری کیخلاف کریک ڈاؤن منتظی انجام تک پہنچانے کیلئے ایکسیئن سٹی 3 اظہر اقبال گھمن کی زیر نگرانی اور ایس۔ڈی۔او ڈیفنس روڈ حافظ زبیح اللہ کی زیر سربراہی محنتی و جفاکش فیلڈ عملہ کے ہمراہ دن اور رات کے اوقات میں بجلی چوروں کیخلاف آپریشن کرتے ہوئے متعدد بجلی چوری میں ملوث افراد کیخلاف مقدمے درج کرائے گئے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار فرض شناس میٹر انسپکٹر غلام باری، گیپکو آفیسر عاصم سہیل، ایل۔ایس مدثر بھٹی، مقصود احمد، علی رضا زوالفقار، حاجی شہباز و فیلڈ عملہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بجلی چوری میں ملوث افراد کیخلاف خصوصی روڈ سیفٹی ورکشاپ اور واک کا اہتمام کیا گیا جس میں کمانڈنٹ ڈی آئی جی سید فرید علی نے شرکاء کو روڈ سیفٹی کے حوالے سے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ روڈ یوزرز کو بھی موٹروے پولیس کے شانہ بشانہ روڈ سیفٹی شعور کو اجاگر کرنے میں نمایاں کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ حادثات میں نمایاں کمی لائی جا کر انسانی زندگی بالخصوص معذور افراد کا تحفظ ممکن ہوسکے، انہوں نے کہا کہ موٹروے پولیس روڈ سیفٹی ورکشاپ کا انعقاد کرتی رہے گی تاکہ روڈ یوزرز کے تحفظ جان و مال کو یقینی بنایا جاسکے،

تھانہ نیکا پورہ: انسپکٹر اکرم شہباز کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن

مجموعی طور پر 8 کلوگرام منشیات برآمد، ملزمان گرفتار کئے۔ ایس ایچ او تھانہ نیکا پورہ۔

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) تھانہ نیکا پورہ کے دبنگ ایس۔ایچ۔او انسپکٹر اکرم شہباز نے اپنی پولیس ٹیم سب انسپکٹر محمد خالد و اسسٹنٹ سب انسپکٹر حاجی جاوید کے ہمراہ علاقہ تھانہ نیکا پورہ کی حدود میں منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن مجموعی طور پر اشفاق عمر خان و دیگر سے مجموعی طور پر تقریباً 8 کلوگرام منشیات برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کر کے چالان کر دیا۔ علاوہ ازیں مقدمہ جات میں مطلوب اشتہاری بھی گرفتار کر کے حوالات میں بند کر دیا۔ ایس۔ایچ، او تھانہ نیکا پورہ اکرم شہباز کا کہنا ہے کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کی کرائم کنٹرول میکنزم پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کر رہے ہیں قانون شکنوں و نقص امن کے مرتکب افراد کیساتھ زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔

جو فصلیں پہلے کاشت کی جاتی تھیں انہیں دوبارہ بحال کریں، سلمیٰ بٹ

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) زرعی اجناس (سویا بین، دالیں، سبزیاں) اشیائے ضروریہ کی ڈیمانڈ کے مطابق جو فصلیں پہلے کاشت کی جاتی تھیں انہیں دوبارہ بحال کریں تاکہ کسان خوشحال ہو اور پاکستان زرعی شعبے میں دوبارہ سے خود کفیل ہو۔ ان خیالات کا اظہار چیئرپرسن وزیر اعلیٰ پنجاب ٹاسک فورس برائے پرائس کنٹرول سلمیٰ بٹ نے ڈپٹی کمشنر دفتر میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

حضرت محمد ﷺ کی زندگی پوری انسانیت کے مشعل راہ ہے، ڈاکٹر محمد امین

لاہور (پ ر) مذہبی سکالر ڈاکٹر محمد امین نے کہا ہے کہ حضرت محمد ﷺ کی زندگی پوری انسانیت کے مشعل راہ ہے۔ سرور کائنات حضرت محمد ﷺ کی حیات طیبہ اور آپؐ کا اسوہ حسنہ ہر شعبہ زندگی میں رہنمائی کا سرچشمہ ہے آپؐ نے نظام سیاست، طرز حکمرانی کی بنیاد دیانت و امانت نظم وضبط، قانون کی حکمرانی بے لاگ عدل و مساوات سرکاری مناصب کے ذمہ دارانہ استعمال احساس ذمہ داری فرش شاہی کے اعلیٰ اصولوں پر استوار کی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز "سیرت النبیؐ کی روشنی میں مسلم حکمرانی کے رہنما اصول" کے موضوع پر ہمدرد شوریٰ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ شوریٰ ہمدرد کے شرکاء میں۔

جہلم شہر و گردونواح میں ملاوٹ شدہ مصالحہ جات کی کھلے عام فروخت

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر و گردونواح میں ملاوٹ شدہ مصالحہ جات کی کھلے عام فروخت جاری، پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ذمہ داران خاموش تماشائی شہریوں نے ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا، تفصیلات کے مطابق سرخ مرچ، مصالحہ، ہلدی، گوشت، دودھ، دہی، دالیں، سوجی، بیسن سمیت دیگر مصالحہ جات کو خطرناک کیمیکل رنگ اور چاول کے بھوسے کی ملاوٹ کر کے بازاروں میں کھلے عام فروخت کیا جارہا ہے۔ دکانداروں نے جعلی مصالحہ جات تیار کرنے میں نمایاں کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ حادثات میں نمایاں کمی لائی جا کر انسانی زندگی بالخصوص معذور افراد کا تحفظ ممکن ہوسکے، انہوں نے کہا کہ موٹروے پولیس روڈ سیفٹی ورکشاپ کا انعقاد کرتی رہے گی تاکہ روڈ یوزرز کے تحفظ جان و مال کو یقینی بنایا جاسکے،

جھنگ: منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں

گزشتہ روز کاروائیوں کے دوران بدنام زمانہ منشیات فروش کو گرفتار کر لیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر ریسکیو 15 انچارج محمد سعید نے چارج سنبھالتے ہی اپنی ٹیم کے ہمراہ منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں تیز کر دی ہیں گزشتہ روز کاروائیوں کے دوران بدنام زمانہ منشیات فروش کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر لی جبکہ ایک ملزم سے ناجائز اسلحہ بھی برآمد کر لیا ہے ریسکیو انچارج محمد سعید کے مطابق مخبر کی اطلاع پر انہوں نے بدنام زمانہ منشیات فروش خاتون کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے چھ کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ سب انسپکٹر محمد سعید کے مطابق ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کروا دیے گئے ہیں اور مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈی پی او جھنگ کی ہدایات کی روشنی میں منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اور معاشرے کے اس ناسور سے نوجوان نسل کو بچانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی اور تمام تر وسائل بروکار لائے جائیں گے۔

اساتذہ سپیشل بچوں کو زیادہ محنت اور دل لگا کر پڑھا، صائمہ علی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر صائمہ علی نے کہا ہے کہ سپیشل بچے قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ سپیشل بچوں کو زیادہ محنت اور دل لگا کر پڑھائیں تاکہ وہ بھی ملکی ترقی میں اپنا اہم کردار ادا کر سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ سیکنڈری سکول آف سپیشل ایجوکیشن (متاثرہ سماعت) کے دورے کے دوران کیا۔ سی ای او ایجوکیشن چوہدری محمد اکرام اور ڈی او سپیشل ایجوکیشن شہباز علی بھی ان کے ہمراہ تھے۔

فیصل آباد۔ ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام یوم دفاع کی تقریب

شہدا کے خاندان ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں جن کی عزت و توقیر میں کمی نہیں آنے دیں گے



فیصل آباد۔ ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام یوم دفاع کی تقریب سے صدر مرزا محمد اسلم، عمران یونس وہرہ، مسلم توقیر، خواجہ انس آصف، انوار الحق میاں محسن ایوب صابر، محمود الٰہی، حافظ ناصر بشیر خطاب کر رہے ہیں دوسری طرف کیک کاٹ رہے ہیں

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ڈائیز اینڈ کیمیکلز مرچنٹس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام یوم دفاع کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر مرزا محمد اسلم، عمران یونس وہرہ، مسلم توقیر، خواجہ انس آصف، انوار الحق، میاں محسن ایوب صابر، محمود الٰہی، حافظ ناصر بشیر کہا آج کی تقریب کا مقصد افواج پاکستان اور دیگر سیکورٹی اداروں کے شہدا کی قربانیوں کو سلام پیش کرنا ہے یوم دفاع کو منانے کا مقصد افواج پاکستان کی قربانیوں اور ملک کے تحفظ کو یقینی بنانے میں ان کے کردار کو سراہنا ہے۔ پاکستانی عوام اور افواج ملک کے تحفظ کے لئے قربانی دینے کے لئے ہر وقت تیار ہیں پاک بھارت جنگ میں پاکستان کی دفاعی تاریخ میں ہماری مسلح افواج کی بہادری کا ایک شاندار باب ہے جب وطن کے دفاع کے جذبے سے سرشار ہمارے جوانوں نے دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملایا۔ شہدا کے خاندان ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں جن کی عزت و توقیر میں کمی نہیں آنے دیں گے۔ شہدا پاکستان کا اہم پر قرض ہے جسے پورا کرنے کے لئے پاکستان کا ہر فرد طاقت اور جذبہ رکھتا ہے کہ ملک کو ترقی کی بلندیوں پر لے جانا ہے۔ 6 ستمبر 1965 ہماری دفاعی تاریخ کا ایادگار دن ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ اس دن پاکستانی فوج نے نہ صرف مادر وطن کا دفاع کیا بلکہ دنیا کو یہ واضح پیغام دیا کہ پاکستان ہر قسم کی جارحیت کو شکست دینے کی پوری صلاحیت رکھتا ہے تاریخ عالم پاک فوج کی طرح بہادری کی لازوال داستانیں رقم کرنے کی کوئی دوسری مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ہدایت کا راستہ دکھایا، صہیب گورائیہ

**ہم بہترین ام

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

تمہیں کیا ہو یہ انداز گفتگو کیا ہے!!!!!

پاکستان تحریک انصاف کو کسی دشمن کی ضرورت نہیں ہے یہ خود ہی اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنے کے لیے کافی ہیں۔ وگرنہ دور حکومت میں بھی مدد، تعاون اور حمایت انہیں حاصل رہی اگر یہ سمجھ داری سے کام لیتے تو یقیناً بھی مسائل بھی حل ہوتے اور حکومت بھی اپنے عہد کو مدت پوری کرتی، اگر یہ عقل و شعور سے کام لیتے تو عام آدمی کا بھلا ہوتا اور ملک کے بنیادی مسائل حل ہوتے، تعمیر و ترقی کا سفر شروع ہوتا لیکن انہوں نے کام کرنے کے بجائے ساروقت صرف بیان بازی سیاسی مخالفین کے ساتھ حساب برابر کرنے اور ان کا راستہ روکنے میں ضائع کیا، دوست ممالک کے ساتھ بھی تعلقات خراب کیے اور اندرونی طور پر بھی نفرت پھیلائی، اپنی ہر ناکامی کا ملبہ دوسروں پر ڈالنے پر ہی خود مظلوم بننے کی کوشش کرتے رہے اور یہ کوشش آج بھی جاری ہے۔ پی ٹی آئی عوامی حمایت کا درست استعمال کرنے میں بھی کبھی وقت کامیاب ہو سکی، وہ طاقت جسے ملک کی بہتری اور تعمیر کے لیے استعمال ہونا چاہیے اسے صرف اور صرف جلاؤ گھیراؤ اور طوفان بدتمیزی کے لیے استعمال کرکے ملک میں نفرت کو ہوا دی، معصوم سادہ لوح لوگوں میں احساس محرومی پیدا کرکے انہیں ملک کے خلاف بھڑکایا اور ان کے ہاتھ میں سے سیلف آر ٹی بھی چھڑ لی گئی۔

اتوار کو پاکستان تحریک انصاف نے اسلام آباد میں جلسہ کیا ہے اس جلسے میں ناصر فہ قوانین کی خلاف ورزی ہوئی بلکہ معاہدے توڑے گئے، سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال کیا گیا۔ اس جلسے میں اسے انوسٹاک اور خطرناک پیلو پاکستان تحریک انصاف کے مقررین کی زبان تھی۔ جو زبان استعمال جلسے میں پاکستان نے آزادی کے بعد کبھی نہیں سنی تھی، اشتعال انگیز ہر طرح کی تقاریر کی گئیں، سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال کیا گیا، اس جلسے میں تقریر کرنے والوں کو سننے کے بعد یہ کہنا مشکل ہے کہ پی ٹی آئی نے اسلام آباد میں کوئی سیاسی جلسہ کیا ہے۔ سیاسی سرگرمی کسی طور قرار نہیں دی جا سکتا۔ سیاسی جماعتوں اور جتھوں میں فرق ہوتا ہے۔ سیاسی جماعتیں ملکی مسائل حل کرنے کے لیے بات چیت کا راستہ اختیار کرتی ہیں لیکن پاکستان تحریک انصاف دھمکیوں پر اتر آئی ہے۔ سلام آباد اور نیو میں والے جلسے کا مقصد بانی پی ٹی آئی کو جیل سے نکالنا تھا تو پھر مدعا نہیں بنتا کہ مردم شماری کو مسترد کرنا، اسمبلیوں کو تحلیل کرنے کا مطالبہ کرنے کے معنی کیا ہیں؟ یہ تو صاف نظر آ رہا ہے کہ وہ اپنے مقصد کو پانے کے لیے ہر حد تک جانے کو تیار ہیں۔ ان کی بھی حرکتوں کی وجہ سے عوام کا بڑا حصہ ان کی حکومت کو تسلیم نہیں کرتا۔ پاکستان میں الیکشن کمیشن کی ساکھ بھی ان کی وجہ سے داؤ پر لگی ہوئی ہے۔ ان کی بھی حرکتوں کی وجہ سے ملک میں الیکشن کمیشن کی ساکھ بھی ختم ہو رہ



نواز رانا نیوزی لینڈ ہاکی ورلڈ کپ کیلئے کپتان نامزد

ہاکی ورلڈ کپ کا یہ باضابطہ ایونٹ 7 سے 16 نومبر تک نیوزی لینڈ میں شروع ہوگا ہاکی ورلڈ کپ میں دنیا بھر کی چودہ ہاکی ٹیمیں شرکت کررہی ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان سے تعلق رکھنے والے سابقہ ہاکی پلیئر نواز رانا کو نیوزی لینڈ میں ہونے والے ہاکی ورلڈ کپ 2024 کے لیے بطور کپتان الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم نامزد کردیا گیا جبکہ الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم (ہالینڈ بیس) میں شروع ہونے والے ماسٹرز ہاکی ورلڈ کپ آکلینڈ 2024 کے لیے ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں کا اعلان بھی کردیا گیا انٹرنیشنل ہاکی پلیئر نواز رانا نے ہمارے نمائندہ سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ ہماری الائنس ہاکی ایگزیکٹو کمیٹی نے ماسٹرز ہاکی ورلڈ کپ 2024 نیوزی لینڈ میں شرکت کے لیے ہاکی ٹیم کا باقاعدہ طور پر اعلان کیا ہے مجھے نیوزی لینڈ میں آنے والے میگا ہاکی ایونٹ کے لیے اس ہاکی ٹیم کے ساتھ بطور کپتان نامزد کیا ہے۔ ہاکی ورلڈ کپ کا یہ باضابطہ ایونٹ 7 سے 16 نومبر تک نیوزی لینڈ میں شروع ہوگا ہاکی ورلڈ کپ میں دنیا بھر کی چودہ ہاکی ٹیمیں شرکت کررہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ میری زندگی کا دوسرا ورلڈ کپ ہاکی ہے میں الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم کے ساتھ نمائندگی کرنے جارہا ہوں اس سے قبل میں نے 2022



جھنگ (بیورو رپورٹ) جھنگ میں سپورٹس ڈیپارٹمنٹ اور روٹری کلب کی جانب سے تیراندازی کے مقابلوں کا انعقاد کروایا گیا جس میں 50 سے زائد تیراندازوں نے حصہ لیا۔ سیکرٹری جنرل پنجاب آرچری ایسوسی ایشن/ روٹیرین سپورٹس ایمبیسڈر روٹری کلب جھنگ سینٹرل امان اللہ شان کے مطابق محکمہ کھیل جھنگ اور روٹری کلب کے اشتراک سے کھیلوں کے فروغ کے لیے تیراندازی کے مقابلوں کا انعقاد کروایا گیا جس میں مختلف کیٹگریز میں تیراندازوں نے حصہ لیا اور اپنے فن کے جوہر دکھائے۔ کھلاڑیوں کا کہنا تھا کہ ایسے ایونٹس کے انعقاد سے ان کی صلاحیتوں میں مزید نکھار پیدا ہوتا ہے

2 ویڈیوز نے سوشل میڈیا پر بابر اعظم کے مداح کو تقسیم کردیا، مگر کیسے؟



فیصل آباد میں بابر کی ایک جھلک دیکھنے کیلئے مداح اسٹیڈیم پہنچ گئے۔ فیصل آباد میں بابر کی ایک جھلک دیکھنے کیلئے مداح اسٹیڈیم پہنچ گئے۔ قومی ٹیم کے وائٹ بال کپتان بابر اعظم کی 2 ویڈیوز نے سوشل میڈیا صارفین کو گروپس میں تقسیم کردیا۔ ڈومیسٹک ایونٹ چیمپئنز ون ڈے کپ کے سلسلے میں فیصل آباد میں اسٹالینز کے ٹریننگ سیشن کے دوران بابر اعظم کو دیکھنے کیلئے مداحوں کی بڑی نے اسٹیڈیم کا رخ کیا اور اپنے پسندیدہ کھلاڑیوں کو سپورٹ کرتے نظر آئے۔ ایک موقع پر کپتان بابر اعظم، شعیب اور دیگر کھلاڑیوں سے ملنے ایک نوجوان بچہ جنگلا گود کر اسٹیڈیم کے اندر آگیا اور بابر کیساتھ فون پر تصویر کھنچوا کر واپس لوٹا۔ اس موقع پر بابر اعظم نے ننھے فین کیساتھ تصویر بنوائی اور خوشگوار موڈ میں دیکھائی دیے جبکہ ٹیم کے مینٹور شعیب ملک نے گارڈ کو بچے کو روکنے سے منع کیا۔ دوسری جانب ایک اور ویڈیو میں بابر اعظم کیساتھ فین کندھے پر ہاتھ رکھ تصویر بنوانے کا منتظر تھا تاہم انہوں نے اسکا ہاتھ جھٹک دیا جس پر انہیں تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ کچھ فینز نے کا کہنا ہے کہ دیگر کرکٹرز کے گراؤنڈ میں موجود ہونے کی وجہ سے بابر اعظم نے بچے کیساتھ تصویر بنوائی اور اچھا سلوک برتا جبکہ اسکے برعکس جہاں کوئی سینئر کرکٹر یا کھلاڑی موجود نہیں تھا وہاں بابر اعظم نے اپنے مداح کیساتھ ناروا سلوک کیا۔

گیری کرسٹن 12 ستمبر کو پاکستان پہنچیں گے

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان وائٹ بال کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ گیری کرسٹن 12 ستمبر کو پاکستان پہنچیں گے۔ ذرائع کے مطابق گیری کرسٹن آمد کے بعد فیصل آباد میں چیمپئنز ون ڈے کپ کے میچز دیکھیں گے۔ ذرائع کے مطابق وائٹ بال کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ اس دوران 5 ٹیموں کی مینٹورز کے ساتھ مشاورت بھی کریں گے۔ گیری کرسٹن جولائی میں ٹی 20 ورلڈ کپ کی رپورٹ دینے اور تھنک ٹینک سے ملاقات کے بعد واپس جنوبی افریقہ چلے گئے تھے۔ دوسری طرف ریڈ بال کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی 22 ستمبر کو پاکستان آئیں گے، پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) مستقبل کے لائحہ عمل کے لیے کنیکشن کیمپ کا انعقاد 23 ستمبر کو کررہا ہے۔ ذرائع کے مطابق کنیکشن کیمپ میں بین الاقوامی اسائنمنٹس کے لیے کپتانوں یا قومی ٹیموں پر بات چیت کیمپ کے ایجنڈے کا حصہ نہیں، اس کا مقصد مستقبل کے لائحہ عمل کے لیے سر جوڑ کر بیٹھنا ہے۔

ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی: پاکستان 9 سیکنڈ قبل جیت سے محروم



چین (ویب ڈیسک) ایشین ہاکی چیمپئنز شپ میں پاکستان اور کوریا کے درمیان میچ دو دو گول سے برابر ہوگیا۔ چین کے شہر ہولینبیور میں جاری ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان اور کوریا کے درمیان دلچسپ میچ ہوا، کوریا نے دوسرے ہی کوارٹر میں گول کرکے برتری قائم کی جو تیسرے کوارٹر تک برقرار رہی۔ پاکستان ٹیم تیسرے کوارٹر تک کوئی گول نہ کرسکی تھی اور ایک گول سے ہار رہی تھی لیکن چوتھے کوارٹر میں پاکستان ٹیم نے شاندار کم بیک کیا اور حنان شاہد نے اوپر نیچے دو گول کر دیے۔ میچ کے اختتام سے صرف 9 سیکنڈز قبل کوریا نے ایک اور گول کرکے مقابلہ برابر کر دیا۔ پاکستان ٹیم اب تک چیمپئنز ٹرافی میں کوئی کامیابی حاصل نہیں کرسکی ہے۔ گزشتہ روز بھی قومی ٹیم کا ملائیشیا کے خلاف میچ دو دو گول سے برابر ہوگیا تھا۔ پاکستان تیسرا میچ بدھ کو جاپان کے خلاف کھیلے گا۔

امریکا میں کرکٹ فیسٹیول، کنسرٹ بھی منعقد ہوگا

لاہور (ویب ڈیسک) نیشنل کرکٹ لیگ (این ایل سی) کے سی ای او، اے زی قاسمی نے اعلان کیا ہے کہ شائقین ایک ناقابلِ فراموش کرکٹ فیسٹیول کے لیے تیار ہوجائیں، لیگ ڈیلس میں مسلسل کرکٹ ایکشن لے کر آرہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ شائقین 4 سے 14 اکتوبر 2024ء تک کرکٹ کے عالمی شہرت یافتہ کھلاڑیوں سنیل گواسکر، وسیم اکرم، دلیپ وینگسرکر، سرویور چرڈز، شاہد آفریدی، محمد نبی، شکیب الحسن، اینجلو میتھیوز، وینکٹیش پرساد، ڈینی موریسن، مکی آرتھر، سنتھ جے سوریا، عمران طاہر اور دیگر کو ڈیلس کرکٹ گراؤنڈ میں مقابلہ کرتے دیکھ سکیں گے۔

ورلڈ نمبر ون یانک سنر نے یو ایس اوپن ٹائٹل جیت لیا

اٹلی (ویب ڈیسک) اٹلی کے یانک سنر نے فائنل میں امریکا کے ٹیلر فرٹز کو شکست دی۔ یانک سنر کی کامیابی کا اسکور چھ تین، چھ چار اور سات پانچ رہا۔ فائنل دو گھنٹے 15 منٹ جاری رہا۔ یانک سنر کا یہ کیریئر کا دوسرا گرینڈ سلام ٹائٹل ہے۔ یاد رہے کہ یانک سنر نے رواں برس آسٹریلین اوپن میں بھی کامیابی حاصل کی تھی۔

زمبابوے زم ایفروٹی 10 لیگ کیلئے پاکستانی کرکٹرز کو این او سی نہیں ملا



زمبابوے (سپورٹس ڈیسک) زمبابوے کی زم ایفروٹی 10 لیگ کیلئے کسی بھی پاکستانی کرکٹر کو این او سی نہیں دیا گیا۔ لاہور سے ذرائع کے مطابق زم ایفرو لیگ آئی سی سی سے منظور شدہ نہیں لہٰذا کسی کو این او سی نہیں ملے گا۔ ذرائع کے مطابق شاہنواز دھانی، آصف علی، حیدر علی، یاسر شاہ زم ایفروٹی 10 لیگ کیلئے منتخب ہوئے ہیں۔ جبکہ محمد عرفان، شرجیل خان، سلمان ارشاد بھی زم ایفروٹی 10 لیگ کیلئے منتخب ہوئے ہیں۔ شاہنواز دھانی، آصف علی اور حیدر علی چیمپئنز کپ کے لیے ٹیموں میں بھی شامل ہیں۔ ترجمان ٹی 10 لیگ کے مطابق زم ایفرو ٹی 10 کو آئی سی سی کی منظوری کی ضرورت نہیں۔ زمبابوے کرکٹ بورڈ آئی سی سی کا فل ممبر بورڈ ہے، لیگ کا لائسنس بورڈ نے دیا ہے۔

تیاری کررہا ہوں، دوبارہ ریڈ بال کرکٹ میں آنے کی کوشش ہے، افتخار احمد



لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹر اور آف اسپن بولر افتخار احمد ریڈ بال کرکٹ میں واپس آنے کیلئے کوشاں ہیں۔ فیصل آباد میں پریکٹس سے قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے قومی آل راؤنڈر کا کہنا تھا کہ جب آپ اچھا پرفارم کرتے ہیں تو بہتر مواقع بھی ملتے ہیں۔ ریڈ بال کی تیاری کررہا ہوں، صرف ایک اننگز میں موقع ملا۔ انہوں نے کہا کہ کوشش ہے کہ دوبارہ ریڈ بال کرکٹ میں آجاؤں۔ فتخار احمد کا کہنا تھا کہ مڈل آرڈر کا نہیں بلکہ ٹیل اینڈر کا بیٹر ہوں، دنیا میں مڈل آرڈر بیٹر چوتھے یا پانچویں نمبر پر کھیلتے ہیں۔

افغانستان کی بھارتی گریٹر نوئیڈا اسٹیڈیم کی سہولتوں پر کڑی تنقید

نکاسیٔ آب کا سسٹم اچھا نہ ہونے اور آؤٹ فیلڈ کو کور کرنے کی مناسب سہولتیں نہیں تھیں

گراؤنڈ میں کھڑے پانی کو سارا دن خشک نہ کیا جاسکا، جدید سہولتوں کی کمی کی وجہ سے گراؤنڈ اسٹاف گراؤنڈ کو خشک نہ کرسکا

کابل (سپورٹس ڈیسک) افغانستان نے بھارت کے گریٹر نوئیڈا اسٹیڈیم کی سہولتوں پر کڑی تنقید کی ہے۔ افغانستان بورڈ آفیشل نے نوئیڈا کے وینیوز پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہاں بہت زیادہ گڑبڑ ہے، دوبارہ اس وینیو پر نہیں آئیں گے۔ بورڈ آفیشل کا کہنا ہے کہ کھلاڑی بھی یہاں کی سہولتوں سے ناخوش ہیں، ہم نے بہت پہلے ان معاملات پر بات کی تھی، ہمیں سب اچھا ہونے کی یقین دہانی کرائی گئی تھی۔ افغانستان بورڈ آفیشل نے کہا کہ ٹیسٹ میچ آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ ہے، یہ آئی سی سی کا ٹورنامنٹ ہے۔ واضح رہے کہ افغانستان نیوزی لینڈ کی واحد ٹیسٹ کے لیے بھارت کے شہر نوئیڈا میں میزبانی کر رہا ہے۔ افغانستان نیوزی لینڈ ٹیسٹ کا پہلا روز آؤٹ فیلڈ گیلی ہونے کی وجہ ضائع ہوگیا ہے۔ نوئیڈا میں سارا دن بارش نہیں ہوئی لیکن پہلے روز ٹاس تک نہ ہوسکا، نکاسیٔ آب کا سسٹم اچھا نہ ہونے اور آؤٹ فیلڈ کو کور کرنے کی مناسب سہولتیں نہیں تھیں۔ گراؤنڈ میں کھڑے پانی کو سارا دن خشک نہ کیا جاسکا، جدید سہولتوں کی کمی کی وجہ سے گراؤنڈ اسٹاف گراؤنڈ کو خشک نہ کرسکا، جس کی وجہ سے ٹیسٹ میچ کے دوسرے روز بھی ٹاس تاخیر کا شکار ہے۔

ورلڈ یوتھ سکریبل چیمپئن شپ کی فاتح پاکستان ٹیم وطن واپس پہنچ گئی

سکریبل چیمپئنز کی وطن واپسی پر کھلاڑیوں کے اہل خانہ اور مداحوں نے شاندار استقبال کیا

نئے یوتھ سکریبل ورلڈ چیمپئن کا فیصلہ ہوا، چیمپئن شپ میں 138 پلیئرز نے حصہ لیا تھا

کراچی (سپورٹس ڈیسک) ورلڈ یوتھ سکریبل چیمپئن شپ کی فاتح پاکستان ٹیم سری لنکا سے وطن واپس پہنچ گئی۔ سکریبل چیمپئنز کی وطن واپسی پر کھلاڑیوں کے اہل خانہ اور مداحوں نے شاندار استقبال کیا اور کھلاڑیوں کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے۔ پاکستان نے ریکارڈ پانچویں بار ورلڈ یوتھ چیمپئن شپ جیتی، 16 سالہ عفان سلمان ورلڈ یوتھ سکریبل چیمپئن بنے، جنہوں نے چیمپئن شپ کے دوران 23 میں سے 19 گیمز میں کامیابی حاصل کی۔ چیمپئن شپ کی ٹیم ٹرافی بھی پاکستان نے جیتی، پاکستان کے 4 پلیئرز نے ٹاپ ٹین میں فنش کیا۔ ایونٹ کے آخری روز اتوار کو سات راؤنڈز ہوئے جس کے اختتام پر نئے یوتھ سکریبل ورلڈ چیمپئن کا فیصلہ ہوا، چیمپئن شپ میں 138 پلیئرز نے حصہ لیا تھا۔ واضح رہے کہ پاکستان ریکارڈ 5 مرتبہ ورلڈ یوتھ چیمپئن شپ جیتنے والا پہلا ملک ہے۔ ورلڈ یوتھ سکریبل چیمپئن شپ کی فاتح پاکستان ٹیم سری لنکا سے وطن واپس پہنچ گئی۔ سکریبل چیمپئنز کی وطن واپسی پر کھلاڑیوں کے اہل خانہ اور مداحوں نے شاندار استقبال کیا اور کھلاڑیوں کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے۔ پاکستان نے ریکارڈ پانچویں بار ورلڈ یوتھ چیمپئن شپ جیتی، 16 سالہ عفان سلمان ورلڈ یوتھ سکریبل چیمپئن بنے، جنہوں نے چیمپئن شپ کے دوران 23 میں سے 19 گیمز میں کامیابی حاصل کی۔ چیمپئن شپ کی ٹیم ٹرافی بھی پاکستان نے جیتی۔



اکشے کمار کی نئی فلم 'سکائے فورس' کو یوم جمہوریہ پر ریلیز کرنے کا فیصلہ



ممبئی (ویب ڈیسک) بھارتی اداکار اکشے کمار کی نئی فلم 'سکائے فورس' کی ریلیز کی تاریخ آئندہ سال 24 جنوری مقرر کردی گئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فلم کو یوم جمہوریہ کے موقع پر ریلیز کیا جائے گا کیونکہ یہ ایک حب الوطنی پر مبنی فلم ہے، پہلے فلم کو 2 اکتوبر کو ریلیز کیا جانا تھا، لیکن ریلیز کی تاریخ کو آگے بڑھا دیا گیا ہے۔ فلم میں اکشے کمار کے ساتھ سارہ علی خان، ویر پہاڑیا اور نمراٹ کور بھی شامل ہیں جبکہ فلم کی ہدایتکاری سندیپ کیولانی اور ابھیشیک کپور کررہے ہیں۔ واضح رہے کہ اکشے کمار کے لئے یہ چھٹی فلم ہوگی

شاہ رخ خان پہلی بار بھارت کے امیر ترین افراد کی لسٹ میں شامل

مالی کامیابی کے علاوہ شاہ رخ خان کو سوشل میڈیا پر سب سے زیادہ فالو کیا جاتا ہے



ممبئی (ویب ڈیسک) بالی ووڈ کے سپر سٹار شاہ رخ خان نے 2024 کی ہورون انڈیا کے امیر ترین افراد کی فہرست میں جگہ بنالی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 58 سال کی عمر میں اداکار کی مجموعی دولت کا تخمینہ تقریباً 7300 کروڑ روپے لگایا گیا ہے۔ شاہ رخ خان کی اس فہرست میں شمولیت کا سبب ان کی مختلف شعبوں میں کامیاب سرمایہ کاری ہے جن میں کولکتہ نائٹ رائیڈرز کرکٹ ٹیم اور پروڈکشن کمپنی ریڈ چلیز انٹرٹینمنٹ شامل ہیں۔ مالی کامیابی کے علاوہ شاہ رخ خان کو سوشل میڈیا پر بھی سب سے زیادہ فالو کیا جانے والا شخص ہونے کا اعزاز حاصل ہے جہاں ان کے ٹوئٹر پر 1.44 ملین فالوورز ہیں، یہ تعداد اس فہرست میں شامل تمام ارب پتیوں اور مشہور شخصیات سے زیادہ ہے۔ شاہ رخ خان کا یہ سفر آسان نہیں تھا، ان کی ساتھی اداکارہ اور کولکتہ نائٹ رائیڈرز کی شریک مالک جوہی چاولہ کے مطابق ایک وقت ایسا بھی آیا تھا جب مالی مشکلات کے باعث انہیں اپنی گاڑی بیچنی پڑی تھی کیونکہ ای ایم آئیز ادا نہیں ہورہی تھیں۔ پیشہ ورانہ محاذ پر شاہ رخ خان اپنی آنے والی فلم 'ٹائیگر بمقابلہ پٹھان' کی تیاری کررہے ہیں۔

جس میں وہ سلمان خان کے ساتھ سکرین شیئر کریں گے، یہ ان کی فلم 'کرن ارجن' کے بعد

ملالہ یوسفزئی کی بطور پروڈیوسر ہالی ووڈ دستاویزی فلم کا پہلا ٹریلر جاری

لاہور (فارن ڈیسک) نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسفزئی نے ہالی ووڈ فلم 'لاسٹ آف دی سی ویمن' سے بطور پروڈیوسر ڈیبیو کرلیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ہدایت کار سوکم اور اے 24 کی دستاویزی فلم کا پہلا ٹریلر ریلیز کردیا گیا۔ فلم میں ایک غوطہ خور کورین خاتون کی کہانی کو بیان کیا گیا ہے، جو خوراک کی تلاش میں آکسیجن کے بغیر سمندر کی تہہ تک چلی جاتی ہے اور تمام خطرات کے باوجود بھی اپنا کام جاری رکھتی ہے۔ ملالہ یوسفزئی اس دستاویزی فلم کو اپنے پروڈکشن بینر ایکسٹرا کریکیولر پروڈکشن کے تحت بطور پروڈیوسر تیار کررہی ہیں جبکہ سوکم، ایریکا کین ایئر، نیکول اسٹوٹ، ایملی آسبرون اور ہیری گو بھی ان کے ساتھ پروڈیوسر ہیں۔ میریسا توریس ایرکسن اس دستاویزی فلم کی

شوہر کے ساتھ کوئی اور خاتون اچھی نہیں لگتی، حبا بخاری

کراچی (شوبز ڈیسک) اداکارہ حبا بخاری کا کہنا ہے کہ وہ اپنے شوہر کے ساتھ سب سے زیادہ اچھی لگتی ہیں جب کہ انہیں شوہر کے ہمراہ کوئی اور خاتون اچھی نہیں لگتی۔ حبا بخاری کی شوہر اور اپنے بارے میں بات کرنے کی مختصر ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی، جس میں انہوں نے بتایا کہ وہ کس اداکار کے ساتھ کام کرتے ہوئے اچھی لگتی ہیں۔ خاتون نے اداکارہ سے سوال کیا کہ وہ کس مرد اداکار کے ساتھ کام کرتے وقت خود کو آرام دہ محسوس کرتی ہیں؟ اس پر اداکارہ ہنس پڑیں اور کہنے لگی کہ مرد کے ساتھ پرسکون؟ بعد ازاں خاتون نے اپنے سوال کو درست کیا اور پوچھا کہ انہیں کس اداکار کے ستاھ کام کرنا پسند ہے اور وہ خود کیا سمجھتی ہیں کہ وہ کس کے ساتھ اچھی لگتی ہیں؟

جنت مرزا کی جاپانی فیشن انڈسٹری میں انٹری

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی ٹک ٹاک کوئن اور اُبھرتی ہوئی اداکارہ جنت مرزا نے پاکستانی شوبز انڈسٹری کے بعد جاپانی فیشن انڈسٹری میں بھی انٹری دے دی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر پاکستان میں سب سے زیادہ فالوورز رکھنے والی ٹک ٹاکر، یوٹیوبر اور کانٹینٹ کری ایٹر نے جاپانی فیشن شو کی چند جھلکیاں تصویر کی صورت میں شیئر کی ہیں۔ انہوں نے انسٹاگرام پر جاپانی فیشن شو میں جاپانی ماڈلنگ ایجنسی کے لیے ریمپ واک کرتے ہوئے تصاویر شیئر کی ہیں۔

بھارتی پروڈیوسر دلی بابو 50 سال کی عمر میں انتقال کرگئے

ممبئی (این این آئی) بھارت کی تامل فلم انڈسٹری کے معروف پروڈیوسر دلی بابو 50 سال کی عمر میں انتقال کرگئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پروڈیوسر دلی بابو کو گزشتہ دنوں علالت کے باعث نجی اسپتال میں داخل کرایا گیا تھا، ان کا انتقال پیر کی صبح چنئی میں ہوا، تاہم ان کی موت کے حوالے سے مزید تفصیلات سامنے آنا باقی ہیں۔ دلی بابو کی اچانک موت نے تامل فلم انڈسٹری کو گہرے صدمے میں ڈال دیا ہے، اداکار اور دیگر شخصیات ان کے انتقال پر افسوس کا اظہار کررہے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دلی بابو پروڈکشن ہاؤس ایکسس فلم فیکٹری کے بانی تھے۔

مختلف نمبروں سے دھمکی آمیز کالز آرہی ہیں، اداکارہ ثناء

لاہور (این این آئی) اداکارہ ثنا نے کہا ہے کہ انہیں مختلف نمبروں سے دھمکی آمیز کالز آرہی ہیں اور ان کی گاڑی کا پیچھا کیا جارہا ہے۔ اداکارہ ثنا نے اپنے ویڈیو بیان میں کہا کہ ان کا سوشل میڈیا اکاؤنٹ بھی بند کردیا گیا ہے، انہیں اور ان کے بچوں کو دھمکیاں دی جارہی ہیں۔ اداکارہ نے الزام عائد کیا کہ انہیں سابقہ شوہر اور سسر کی جانب سے بھی ہراساں کیا گیا۔

طلاق کی افواہ، ابھیشیک بچن نے خاموشی توڑ دی



ابھیشیک بچن نے حال ہی میں میڈیا سے گفتگو میں طلاق کی افواہوں اور خبروں سے متعلق اظہار خیال کیا ہے، جس پر اداکار ایک بار پھر وائرل ہوگئے ہیں۔ ٹائمز آف انڈیا کی رپورٹ کے مطابق ابھیشیک بچن کی جانب سے میڈیا کو اپنی شادی کی انگوٹھی دکھائی گئی تھی، جو کہ اداکار کے ہاتھ میں موجود تھی۔ اس موقع پر ابھیشیک بچن کا کہنا تھا کہ 'میں شادی شدہ ہی ہوں'۔ اداکار کا مزید کہنا تھا کہ اس حوالے سے میرے پاس آپ کو بتانے کے لیے کچھ نہیں ہے، آپ سب نے ایک موضوع کو بالکل مختلف بنا دیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے ایسا کیوں کیا ہے، آپ اپنا کام کررہے ہوتے ہیں، ٹھیک ہے، ہم سیلیبریٹیز ہیں، ہمیں یہ سب برداشت کرنا پڑتا ہے'۔ اس سے قبل ابھیشیک بچن اور ایشوریا رائے طلاق، گھریلو تنازعات کی خبروں کے باعث وائرل تھے، جبکہ گزشتہ ماہ اننت امبانی کی شادی کی تقریب میں بھی ایشوریا رائے بیٹی کے ہمراہ پہنچی تھیں، جبکہ ابھیشیک بچن والدین اور بہن کے ہمراہ پہنچے، جس نے دونوں کے ازدواجی معاملات پر سوالات اٹھا دیے تھے۔ بھارتی میڈیا کی جانب سے یہ دعویٰ بھی کیا جاتا رہا ہے کہ نند اور بھابھی کے درمیان 'کچھ اچھا' نہیں ہے، یعنی ایشوریا رائے اور شویتا بچن کے درمیان تعلقات خراب ہونے کے باعث میاں بیوی کے رشتے پر بھی اثر پڑ رہا ہے۔

سجل نمکین چائے پیش کریں تو خاموشی سے پی لوں گا: فیروز خان



لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے نامور اداکار فیروز خان کا کہنا ہے کہ اگر سجل علی نمکین چائے پیش کریں گی تو خاموشی سے پی لوں گا۔ حال ہی میں فیروز خان اور ان کی بہن و اداکارہ حمائمہ ملک نے بھارتی صحافی فریدون شہریار کو آن لائن انٹرویو دیا، جس کے مختصر ویڈیو کلپس سوشل میڈیا پر وائرل ہورہے ہیں۔ اس انٹرویو کے دوران صحافی نے فیروز خان کے ساتھ ریپڈ فائر راؤنڈ کھلا اور دلچسپ سوالوں کے جوابات پوچھے۔ صحافی نے اداکار سے سوال کیا کہ جب اگلی بار سجل علی آپ کو نمکین چائے پیش کریں گی تو آپ کیا کریں گے؟ اداکار نے جواب دیا کہ میں نے برسوں سے سجل کو نہیں دیکھا لیکن اگر ان کی طرف سے نمکین چائے پیش کی جائے تو وہ خاموشی سے پی لوں گا۔ صحافی نے اداکار سے ایک اور سوال کیا کہ اگر ہانیہ عامر کو حِم میں مدد کرنی پڑے تو کس طرح منع کریں گے؟ اداکار نے کہا کہ ہانیہ میری بہت اچھی دوست ہیں، انہیں منع نہیں کروں گا بلکہ ان کی مدد کروں گا۔ خیال رہے کہ ماضی میں اداکار فیروز خان اور اداکارہ سجل علی کی جوڑی نے آن اسکرین اور آف اسکرین کافی مقبولیت حاصل کی تھی۔ ان دونوں کی ایک دوسرے کو ڈیٹ کرنے کے حوالے سے افواہیں زیرِ گردش رہیں لیکن ان کے معاملات کسی رشتے میں تبدیل ہونے سے قبل ختم ہوگئے۔ ان دونوں فنکاروں نے فلم زندگی کتنی حسین ہے اور ڈرامہ سیریل گلِ رعنا میں ایک ساتھ کام کیا ہے۔



طعنوں کی وجہ سے میں نے شوبز کیریئر کے آغاز میں ہی جلد شادی کرلی، حنا چودھری

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ حنا چودھری نے کیریئر کے آغاز میں ہی شادی کرنے کی وجہ بتادی۔ حال ہی میں اداکارہ حنا چودھری نے ایک انٹرویو کے دوران جہاں اپنے کیریئر کے حوالے سے بات کی وہیں انہوں نے اپنی نجی زندگی سے متعلق بھی کھل کر اظہار خیال کیا۔ شادی کے حوالے سے بات کرتے ہوئے حنا چودھری نے بتایا کہ شوبز میں آنے سے قبل ہی میری منگنی ہوچکی تھی اور جیسے ہی میں نے شوبز کیریئر شروع کیا تو لوگوں نے مجھے اور میرے منگیتر کو طعنے دینا شروع کئے کہ اب لڑکی شوبز میں چلی گئی ہے، وہ بدل جائے گی۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ لوگوں کے طعنوں کی وجہ سے میں نے شوبز کیریئر کے آغاز میں ہی جلد شادی کرلی جس کے بعد میں کیریئر کو بڑھانے کیلئے لاہور سے کراچی چلی

وقت
روزنامہ وقت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ضلعی انتظامیہ اپنے ہی دیے گئے سرکاری نرخ نامہ پر عملدرآمد کروانے میں ناکام

نرخ طے کرنے کے حوالے سے بنائی گئی کمیٹیوں کا کردار صرف شہریوں کو شدید ذہنی اذیت کا سبب بن رہا ہے، ڈی سی

قصہ آباد (نمائندہ خصوصی) ضلعی انتظامیہ ہتاہ اور سول سپلائی کے نمائندوں کی موجودگی میں پرائس کنٹرول کمیٹی اجلاس خود بخود ہی ختم کر دیا جاتا ہے جس میں روزمرہ استعمال کی اشیاء کے نرخ طے کرنے کے حوالے سے بنائی گئی کمیٹیوں کا کردار صرف شہریوں کو شدید ذہنی اذیت کا سبب بن رہا ہے، ڈی سی

جاتا شفیع بھر کے تمام بیشتر شاپ اینڈ سروس مالکان سے ڈمل نرخ نامہ جاری ہے سرکاری نرخ نامہ میں 8500 روپے فی ہزار انیٹ کا دیا گیا ہے جبکہ فروخت 17000 روپے فی ہزار انیٹ کی جاری ہے گائے بھینس بکرا کا گوشت کے گوشت کا سرکاری نرخ 750 روپے فی کلو دیا گیا ہے جو کہ 900 روپے سے 1000 روپے تک فروخت کیا جا رہا ہے، بکرے چھترے کے گوشت کا سرکاری نرخ 1500 روپے فی کلو ہے فروخت 1800 روپے سے 2000 روپے فی کلو ہو رہا ہے دودھ کا سرکاری نرخ 150 روپے فی لیٹر دیا گیا ہے۔

گیارہ سالہ بچی کیساتھ نازیبا حرکات کرنے پر مقدمہ درج

ڈسکہ (کھیسل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) گیارہ سالہ بچی کیساتھ نازیبا حرکات کرنے پر مقدمہ درج نواحی گاؤں جگ سے مزدوری کیلئے گئی تو اس کے گھر دودھ لینے کیلئے آنے والے ملزم نے بچی کیساتھ نازیبا حرکات کیں پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

ضلع بھر میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹ پر بھرپور انداز میں عملدرآمد جاری ہے، ڈپٹی کمشنر

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر رانا محمد نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹ پر بھرپور انداز میں عملدرآمد جاری ہے اس ضمن میں گزشتہ دنوں کے دوران پرائس کنٹرول ایکٹ کی سنگین خلاف ورزی پر 24 دکانداروں کو گرفتار 2 کے خلاف ایف آئی آر جبکہ 15 لاکھ روپے کے جرمانے کیے گئے یہ انہوں نے پرائس کنٹرول کی میٹنگ کے

چور پانچ موٹر سائیکلیں چوری کر کے لے گئے

ڈسکہ (کھیسل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم چور پانچ موٹر سائیکلیں چوری کر کے لے گئے ڈسکہ مارکیٹ شہداء منجب الہور اور اپنی موٹر سائیکل گھروں کے باہر کھڑی کر گئے جنہیں بامعلوم چور چوری کر کے لے گئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

پی ٹی آئی رہنماؤں کی گرفتاری اچھا شگن نہیں، ڈاکٹر یوسف رضا گلانی

معیشت کی بحالی اور ملک کی بہتری کیلئے ہر جماعت کو آگے بڑھنا چاہیے



نارنگ منڈی (میاں منظہر سے) سابق لیڈر آف دی اپوزیشن یوسف رضا گیلانی نے کالا پڑ سے قومی اسمبلی کے باہر پی ٹی آئی رہنماؤں کی گرفتاری اچھا شگن نہیں ہے ملک میں غلط ریت نہ ڈالی جائے اس کے برے اثرات مرتب ہوں گے آئین کے مطابق ہر جماعت کو آزادی حاصل ہے لیکن پاکستان میں ایسا نہیں ہے من مرضی کے فیصلوں سے آمریت کی یاد میں تازہ ہو رہی ہیں ان خیالات کا اظہار

سی او میونسپل کمیٹی اور عملہ کے خلاف پھل فروشوں کا احتجاج

مصطفیٰ آباد (محمد فیصل خان) سی او میونسپل کمیٹی اور عملہ کے خلاف پھل فروشوں کا احتجاج: میونسپل کمیٹی عملہ کے تجاوزات کے خلاف میں پھل آمدنی کے لئے ایشو انسداد تجاوزات کے خلاف میں پھل فروشوں کا احتجاج: میونسپل کمیٹی عملہ کے

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بے سقم پڑھ کر ایک طرف لکھے ہوئے جائیں کٹے چھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

اشتہار درکار ہے

ضلع نے اپنا نام ارین فاطمہ سے تبدیل کر کے شیزہ رکھ لیا ہے اور میرے قومی شناختی کارڈ پر بھی اب میرا نام شیزہ ملک درج ہوچکا ہے لہذا اب میرے پاسپورٹ نمبر AL8453672 کے شیزہ ملک درج کیا جائے۔

شیزہ : ملک دختر محمد شفیق ساکن کوٹ محمود تحصیل شورکوٹ، ضلع جھنگ شورکوٹ

عاق نامہ

میں نے اپنا نام محمد شاہنی کارڈ نمبر 35202-2571427-3 ڈویژن سکاٹ فلیڈ نمبر 1 ایلاٹ پارک چوگی امرسدھوا موہر کا راہ کی بجائے شاہنی بوٹی روڈ ضلع و تحصیل شہر لاہور سے ہر قسم کے شہریت کے حقوق سے عاق کرتا ہوں۔ میرا کسی سے کوئی تعلق واسطہ نہیں ہے اور نہ ہی میرا کسی سے کوئی لین دین ہے اور نہ ہی میرا کسی سے کوئی معاملہ ہے۔ میرا کسی سے کوئی رشتہ ناتہ نہیں ہے۔ میرا کسی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ میرا کسی سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ میرا کسی سے کوئی رابطہ نہیں ہے۔ میرا کسی سے کوئی ملنا جلنا نہیں ہے۔ میرا کسی سے کوئی آنا جانا نہیں ہے۔ میرا کسی سے کوئی ملنا ملانا نہیں ہے۔ میرا کسی سے کوئی میل ملاپ نہیں ہے۔ میرا کسی سے کوئی میل جول نہیں ہے۔ میرا کسی سے کوئی ملاقات نہیں ہے۔ میرا کسی سے کوئی ملاقات نہیں ہے۔ میرا کسی سے کوئی ملاقات

اعلیٰ معیار کی تعلیم و تربیت ہی ملک و قوم کی ترقی اور خوشحالی کی ضمانت ہے

صبا اکرین انصاری

بے روزگاری کے خاتمہ کیلئے فنی تعلیمی پروگرامز کا فروغ وقت اہم ضرورت ہے، الخدمت بتوقائل پروجیکٹ سے ہزاروں نوجوان فنی تربیت سے باعزت روزگار کما رہے ہیں۔

الخدمت فاؤنڈیشن سکولز بہترین سالانہ کارکردگی پر منتظمین، پرنسپلز اور اساتذہ اور طلبہ کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب

پنجاب ایجوکیشن سیکٹر ریفارمز یونٹ (پیسرو) میں بچوں کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کر رہے ہیں

خواجہ سلمان رفیق

بچیوں کو تعلیم حاصل کروانے کے بعد ملک کی ترقی کے مواقع ہونے چاہئیں۔خواتین کو ترقی کے مواقع دیے بغیر پاکستان آگے نہیں جا سکتا،رانا سکندر حیات

صوبائی وزرا نے ورلڈ فرسٹ ایڈ ڈے کے موقع پر لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں لائف سیور پروگرام کو لانچ کر دیا

لاہور (خبر نگار) سربراہ اعلیٰ الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ اعلیٰ معیار کی تعلیم وتربیت ہی ملک و قوم کی ترقی اور خوشحالی کی ضمانت ہے۔ پاکستان میں تعلیمی مسائل پر قابو پانے اور تعلیم کے فروغ کیلئے الخدمت فاؤنڈیشن اپنا بہترین کردار ادا کر رہی ہے جس کی مثال لاہور کے الخدمت سکولز کیئوں اور دیوں جماعت کا سو فیصد رزلٹ ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن سکولز کے بہترین سالانہ کارکردگی پر منتظمین، پرنسپلز، اساتذہ اور طلبہ کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ضیاء الدین انصاری نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن سکولز کے بہترین سالانہ نتائج اور طلبہ کی کامیابی ہمارے لیے باعث فخر ہے۔ ہمارے سکولز کے اساتذہ کی محنت اور لگن قابل تحسین ہے۔ ہمارے سکولز کے بچے اور بچیاں ہر شعبہ زندگی میں آگے بڑھ رہے ہیں